58

بانی صوفی غلام محمد

# سرینگر ٹائمز

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 102 | صفحات : 08 | ۱۴ اپریل ۲۰۲۶ بروز منگلوار بمطابق ۲۵ شوال ۱۴۴۷ | Tuesday 14th April 2026 | جلد نمبر 58



## کرشنا کا پرپل کیپ پر قبضہ جمالیا

پر سدھ کرشنا نے آئی پی ایل میں اپنی شاندار فارم کو برقرار رکھتے ہوئے 'پرپل کیپ' (سب سے زیادہ وکٹیں لینے کا اعزاز) اپنے نام کر لیا ہے۔ لکھنؤ سپر جائنٹس کے خلاف کھیلے گئے حالیہ میچ میں کرشنا نے چار وکٹیں حاصل کر کے یہ سنگ میل عبور کیا۔ اتوار کو لکھنؤ کے خلاف کھیلے گئے میچ میں پر سدھ کرشنا نے اپنی نپی تلی بالنگ سے حریف بلے بازوں کو بے بس کر دیا۔ (تفصیلات اندر)



## پانڈیا پر ۱۲ لاکھ روپے جرمانہ

آئی پی ایل میں آر سی بی کے خلاف کھیلے گئے میچ میں سست اوور ریٹ برقرار رکھنے پر ممبئی انڈینز کے کپتان ہاردک پانڈیا کو جرمانے کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ اخلاق کی خلاف ورزی پر ان پر ۱۲ لاکھ روپے جرمانہ عائد کر دیا ہے۔ یان کے مطابق، ہاردک پانڈیا کو آئی پی ایل کے ضابطہ اخلاق کے آرٹیکل ۲.۲۲ کے تحت سست اوور ریٹ کا مرتکب پایا گیا۔ (تفصیلات اندر)

# کاٹمڈ انت ناگ میں دو نامعلوم افراد کی مسخ شدہ لاشیں برآمد

## پولیس حکام کا کہنا ہے کہ لاشیں کافی عرصے سے وہاں موجود معلوم ہوتی ہیں

سرینگر/ یو پی آئی/ جنوبی کشمیر کے ضلع انت ناگ کے کاٹمڈ علاقے میں پیر کے روز اس وقت خوف و ہراس پھیل گیا جب ایک سنسان مقام سے دو نامعلوم افراد کی انتہائی مسخ شدہ لاشیں برآمد ہوئیں۔ واقعہ منظر عام پر آتے ہی مقامی آبادی میں تشویش کی لہر دوڑ گئی اور بڑی تعداد میں لوگ جائے وقوعہ کے قریب جمع ہو گئے۔ مقامی ذرائع کے مطابق، کچھ افراد نے ویران علاقے میں مشتبہ حالت میں پڑی لاشوں کو دیکھ کر فوری طور پر پولیس کو اطلاع دی۔ اطلاع ملتے ہی پولیس کی ٹیم موقع پر پہنچی اور پورے علاقے کو گھیرے میں لے کر ابتدائی تفتیش شروع کی۔ بعد ازاں لاشوں کو تحویل میں لے کر ضروری قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ لاشیں کافی عرصے سے وہاں موجود معلوم ہوتی ہیں، جس کے باعث وہ بری طرح گل سڑ چکی تھیں، اور اسی وجہ سے فوری طور پر ان کی شناخت ممکن نہیں ہوسکی۔ لاشوں کو مزید جانچ/ 1





# انت ناگ میں دو بھائی جہلم میں غرق آب، لاشیں برآمد

## بھیڑ نہانے کے دوران پھسل کر گہرے پانی میں ڈوب جانے کا خدشہ

سرینگر/ یو پی آئی/ جنوبی کشمیر کے انت ناگ ضلع میں ایک دلخراش واقعہ پیش آیا جہاں بجبہارہ کے پادشاہ باغ کے نزدیک دریائے جہلم میں ڈوبنے والے دو بھائیوں کی نعشیں ایس ڈی آر ایف کی ٹیم نے برآمد کر لیں۔ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب دونوں بھائی دریائے جہلم کے کنارے بھیڑ نہا رہے تھے۔ تفصیلات کے مطابق شاہد احمد ملک اور مجید احمد ملک، فرزندان بشیر احمد ملک باشندگان جابلی پورہ، انت ناگ، پیر کے روز دریائے جہلم میں ڈوب گئے تھے۔ اطلاع ملتے ہی ایس ڈی آر ایف انت ناگ کی ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچی اور مسلسل کارروائی کے بعد دونوں بھائیوں کی لاشیں نکالنے میں کامیاب ہوئی۔ عینی شاہدین کے مطابق دونوں بھائی بھیڑ نہانے کے دوران پھسل کر گہرے پانی میں جا گرے جس کے بعد وہ دوبارہ سطح پر نہیں آسکے۔ واقعے نے علاقے میں صفِ ماتم بچھا دی اور پوری بستی سوگوار ہے۔ ایس ڈی آر ایف حکام نے اس المناک/2

# نشہ کے عادی مریضوں کو ہمارے سپورٹ کی ضرورت ہے/ LG

## کٹھوعہ میں ڈرگ فری جموں وکشمیر مہم کے تحت ''پدیاترا'' کو جھنڈی دِکھا کر روانہ کیا

جموں/ منشیات سے پاک جموں وکشمیر کسی ایک فرد کی وجہ سے نہیں بلکہ اِجتماعی کوشش سے اُبھرتا ہے۔ معاشرے کو سمجھنا ہوگا کہ منشیات صرف اَفراد کو نہیں مارتی بلکہ یہ پورے گاؤں، محلّہ اور شہروں کی عزت اور تقدیر کو نقصان پہنچاتی ہیں۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے آج پیر روز کہا، ''آیئے ایسا جموں و کشمیر بنائیں جہاں ہمارے نوجوانوں کی توانائی دُنیا کو روشن کرے، خود کو تباہ نہ کرے۔ آیئے ہم اِس چیلنج کا ڈٹ کر عزم کے ساتھ مقابلہ کریں۔'' لیفٹیننٹ گورنر سپورٹس سٹیڈیم کٹھوعہ میں ایک بڑے عوامی ریلی سے خطاب کر رہے تھے جہاں اُنہوں نے ڈرگ فری جموں وکشمیر مہم کے تحت منشیات کے خلاف عوامی تحریک کا آغاز کیا۔ اُنہوں نے سپورٹس سٹیڈیم سے گورنمنٹ ڈِگری کالج کٹھوعہ تک 'پدیاترا' کی قیادت کی جس میں ہزاروں شہری، عوامی نمائندے، سینئر اَفسران، سول سوسائٹی کے اَرکان، سماجی کارکن، این جی اوز، خواتین، طلبأ اور دیگر متعلقہ اَفراد شرکت کی جو سب 'نشہ مکت جموں وکشمیر' کے مشترکہ عزم کے تحت متحد تھے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے ہر شہری اور کٹھوعہ کے ہر کنبے سے اپیل کی کہ وہ منشیات کے خلاف متحد ہو جائیں۔ اُنہوں نے کہا، ''میں کٹھوعہ ضلع کے ہر پنچایت، ہر گلی اور ہر کنبے سے منشیات کے خاتمے کے لئے عوامی اِنقلاب کی شمع روشن کر رہا ہوں۔ یہ کوئی خواب نہیں بلکہ میرا اٹوٹ عہد ہے۔'' لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ ہمارا مستقبل صرف دستاویزات میں نہیں بلکہ آئندہ تین ماہ میں اس عوامی تحریک کے فیصلوں سے تشکیل پائے گا۔ اُنہوں نے کہا، ''ہم نے ایک منظّم 100 روزہ منصوبہ تیار کیا ہے جس میں چھ مراحل شامل ہیں۔ پہلے مہینے میں بیداری اور متحرک سازی، دوسرے مہینے میں سماج اور کنبوں تک گہری رَسائی جبکہ تیسرے مہینے میں دیرپائی کو مضبوط بنایا جائے گا۔'' منوج سِنہا نے کہا، ''آنے والے تین ماہ صرف مہم نہیں چلائیں گے بلکہ دیرپا تبدیلی کے بیج بوئیں گے۔ اس مہم کی بنیاد ہمدردانہ بحالی ہے۔ ہمیں اَپنی سوچ بدلنی ہوگی: نشے کے عادی افراد مریض ہیں/3



# ترقی یافتہ ہندوستان کے سفر میں خواتین کا اہم کردار/ مودی

## ملک کی ناری شکتی نے محنت، ہمت اور خود اعتمادی کے بل بوتے پر نئی بلندیوں کو چھوا ہے

نئی دہلی/ یو این آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی نے خواتین کو لوک سبھا اور اسمبلیوں میں ایک تہائی ریزرویشن فراہم کرنے سے متعلق 'ناری شکتی وندن ادھینیم' کے نفاذ کے لیے لائے جانے والے ترمیمی بل کو 21 ویں صدی کا سب سے بڑا فیصلہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ مکمل طور پر ناری شکتی کے لیے وقف ہے۔ وزیر اعظم نے اسے تاریخی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ملک کی پارلیمنٹ ایک نئی تاریخ رقم کرنے کے قریب ہے جو ماضی کے تصورات اور مستقبل کے عزائم کو پورا کرے گی۔ مسٹر مودی نے جمعرات کو پارلیمنٹ میں پیش کیئے جانے والے اس ترمیمی بل سے قبل پیر کو یہاں وگیان بھون میں 'ناری شکتی وندن پروگرام' سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان 21 ویں صدی کے سب سے بڑے فیصلوں میں سے ایک کرنے جا رہا ہے، ایک ایسا فیصلہ جو ناری شکتی کے لیے وقف ہے۔ انہوں نے اس لمحے کو تاریخی قرار دیتے ہوئے کہا کہ سماجی انصاف کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے ملک ایک ایسے مساوی ہندوستان کا تصور کرتا ہے جہاں سماجی انصاف محض ایک نعرہ نہیں بلکہ کام کرنے کے کلچر کا لازمی حصہ ہو۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ریاستی اسمبلیوں سے لے کر ملک کی پارلیمنٹ تک، دہائیوں کا انتظار اب ختم ہونے والا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ سال 2023 میں نئی پارلیمنٹ کی عمارت میں ناری شکتی وندن ادھینیم کو متفقہ طور پر منظور کیا گیا تھا اور تمام جماعتوں نے اس بات پر اتفاق کیا تھا کہ اسے ہر حال میں 2029 تک نافذ کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ناری شکتی وندن ادھینیم کو بروقت نافذ کیا جانا چاہیے تاکہ خواتین کی شراکت سے جمہوریت مستحکم ہو۔ اس کے لیے پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا خصوصی سیشن 16 اپریل سے شروع ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش اور ترجیح یہ ہے کہ یہ کام مباحثہ، تعاون اور شراکت داری کے ذریعے مکمل کیا جائے، جس سے پارلیمنٹ کا وقار بڑھے گا۔ اس مسئلے پر خواتین میں پائے جانے والے ملک گیر جوش وخروش کی تعریف کرتے ہوئے وزیر اعظم نے/4



# وزیر اعلیٰ کی بیساکھی پر مُبارک باد

## اتحاد اور ہم آہنگی کے جذبے کو اُجاگر کیا

سرینگر/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بیساکھی کے موقعہ پر لوگوں کو مُبارک باد پیش کی اور اِس تہوار کی ثقافتی اور روحانی اہمیت کو اُجاگر کیا۔ وزیر اعلیٰ نے اَپنے پیغام میں کہا کہ بیساکھی فصل کٹائی کا تہوار ہے جو خوشحالی، اُمید اور نئی شروعات کی علامت ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ یہ تہوار جموں وکشمیر کی بھرپور ثقافتی تنوع اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی عکاسی کرتا ہے جہاں مختلف مذاہب کے لوگ ایک دوسرے کی روایات کو باہمی احترام اور جوش وخروش کے ساتھ مناتے ہیں۔ اُنہوں نے/5

# خواتین ریزرویشن ایکٹ میں ترمیم کے سلسلے میں کانگریس کا رویہ افسوسناک

## حکومت کا ساتھ دیکر اپنے وعدے کو عملی جامہ پہنائے گی/ کرن رتجو



سرینگر/ اے پی آئی نیوز کے مطابق خواتین ریزرویشن اور حد بندی ترمیمی بل کو قانونی شکل دینے کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیتے ہوئے پارلیمانی اور اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رتجو نے کانگریس صدر ملک ارجن کھڑگے کی جانب سے اٹھائے جانے والے سوالات کو بے معنیٰ اور افسوس ناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ ملک کے وزیر اعظم اور ان کے دفتر سے کانگریس صدر کو کئی بار خطوط ارسال کئے گئے تاکہ خواتین ریزرویشن بل کے سلسلے میں ذہنی ہم آہنگی کو قائم کر کے اس بل کو آسانی کے ساتھ ایوان میں پاس کیا جاسکے۔ پارلیمانی اور اقلیتی امور کے مرکزی وزیر نے خواتین کو 33 فیصد ریزرویشن اور پارلیمنٹ میں 273 کے قریب نشستوں میں اضافے کو ملک کے عوام کی نمائندگی کے مترادف قرار دیتے ہوئے کہا کہ/6

# اروناچل پردیش بھارت کا اٹوٹ انگ تھا، ہے اور رہے گا

## چین کی کارروائی افسوسناک اور کشیدگی میں اضافے کا موجب/ وکرم مسری



سرینگر/ اے پی آئی/ اروناچل پردیش کے کئی علاقوں کے نام تبدیل کرنے کی چینی کارروائی کو ناقابل برداشت، دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی میں اضافہ ہونے کا موجب قرار دیتے ہوئے خارجہ سیکریٹری نے اروناچل پردیش کو بھارت کا اٹوٹ انگ قرار دیتے ہوئے چین پر زور دیا کہ وہ بار بار اس طرح کی کوشش نہ کریں جس سے دونوں ممالک کے تعلقات متاثر ہوں۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق چین نے اروناچل پردیش کے کئی علاقوں کے نام تبدیل کر کے انہیں چین کا حصہ قرار دیا جس کے بعد بھارت کی وزارت خارجہ کے سیکریٹری نے چینی حکام کی اس کارروائی کو ناقابل برداشت قرار دیتے ہوئے کہا کہ اروناچل پردیش بھارت کا حصہ تھا، ہے اور رہے گا۔ اروناچل پردیش کو بھارت کا اٹوٹ انگ قرار دیتے ہوئے/ 7

# بیساکھی پر لیفٹیننٹ گورنر کی مبارک باد

## قربانی اور لگن ہماری قوم کی بنیاد

جموں/ لفٹیننٹ گورنر مسٹر منوج سنہا نے بیساکھی کے پرمسرت موقع پر لوگوں کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی جو کل منائی جائے گی۔ اپنے پیغام میں لفٹیننٹ گورنر نے کہا ''بیساکھی کے پرمسرت موقع پر میں سب کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد اور نیک خواہشات پیش کرتا ہوں۔ فصل کی کٹائی کا یہ تہوار ہمارے کسانوں کی غیر معمولی شراکت کی یاد دہانی کے طور پر کھڑا ہے جن کی محنت، قربانی اور لگن ہماری قوم کی بنیاد کو برقرار رکھتی ہے۔ بیساکھی دسویں گرو گرو گوبند سنگھ جی/8

# ایرانی وزیر خارجہ عباس نے مذاکرات کی ناکامی کیلئے امریکہ کو ذمہ دار بتایا

## کہا معاہدے کے قریب پہنچ کر ایران کو سخت شرائط کا سامنا کرنا پڑا



نئی دہلی/ یو این آئی/ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اسلام آباد مذاکرات کی ناکامی کا ذمہ دار امریکہ کو ٹھہراتے ہوئے کہا کہ ایران ایم او یو پر دستخط کے قریب پہنچ چکا تھا، تاہم اسے ''سخت ترین مطالبات، بدلتے ہوئے اہداف اور ناکہ بندی " کا سامنا کرنا پڑا۔ عباس عراقچی نے پیر کے روز سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے بیان میں کہا کہ " کوئی سبق نہیں سیکھا گیا۔ خیر سگالی سے خیر سگالی جنم لیتی ہے اور دشمنی سے دشمنی۔ "ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ گزشتہ 47 برسوں میں اعلیٰ ترین سطح پر ہونے والے ان مذاکرات میں ایران نے جنگ کے خاتمے کے لیے امریکہ سے نیک نیتی کے ساتھ بات چیت کی، تاہم "اسلام آباد ایم او یو " کے قریب پہنچنے پر امریکی جانب سے سخت شرائط اور ناکہ بندی کے اعلان کا سامنا کرنا پڑا۔ واضح رہے کہ یہ بیان امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس اعلان کے بعد سامنے آیا ہے جس میں انہوں نے مذاکرات کی ناکامی کا حوالہ دیتے ہوئے ایران کی بحری ناکہ بندی کا حکم دیا ہے۔

# سابق پٹواری کو ایک سال قید، 10 ہزار روپے جرمانہ کی سزا کا حکم

## چارج شیٹ 29 فروری 2008 کو انسدادِ رشوت ستانی عدالت میں پیش کی گئی تھی

سرینگر/ یو پی آئی/ سرینگر کی خصوصی انسدادِ رشوت ستانی عدالت نے پیر کو 2007 کے ایک رشوت ستانی کیس میں سابق پٹواری کو ایک سال قید اور 10 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی ہے۔ یہ فیصلہ اس معاملے میں آیا ہے جس میں پٹواری نے زمین کے انتقال (میوٹیشن) کی کارروائی کے لیے 3 ہزار روپے رشوت لی تھی۔ محکمہ کے ترجمان کے مطابق، خصوصی جج انسدادِ رشوت ستانی عدالت سرینگر، تسلیم عارف نے ایف آئی آر نمبر 20/2007 کے کیس میں یہ فیصلہ سنایا۔ ملزم غلام قادر بھٹ، اُس وقت پٹواری حلقہ خوشی پورہ زینکوٹ تھے اور سرینگر کے علاقے نارپریستان فتح کدل کے رہائشی ہیں۔ کیس 01 اپریل 2007 کو پولیس اسٹیشن VOK (موجودہ ACB) میں اُس شکایت پر درج ہوا تھا، جس میں الزام تھا کہ ملزم نے شکایت کنندہ سے میوٹیشن کے حق میں فیصلہ کرنے کے عوض رشوت کا مطالبہ اور وصولی کی۔ ترجمان نے بتایا کہ تفتیش کے دوران ملزم کے خلاف رشوت لینے کے ثبوت زبانی اور دستاویزی شواہد کے ذریعے بغیر کسی شک وشبہ کے ثابت ہوئے۔ اس کے بعد چارج شیٹ 29 فروری 2008 کو انسدادِ رشوت ستانی عدالت میں پیش کی گئی۔ عدالت نے غلام قادر بھٹ کو انسدادِ رشوت ستانی ایکٹ کی دفعہ 5(2) کے تحت ایک سال قید//10

# ہندوستانیوں کا خون بہانا سزا کو دعوت دے گا/ وزیر اعظم

## سال 2027ء تک ملک تیسری سب سے بڑی معیشت بن جائے گا/ امیت شاہ

سرینگر/ سی این آئی/ انسداد دہشت گردی آپریشن سندور کے ذریعے وزیر اعظم نریندر مودی نے پوری دنیا میں ایک مضبوط پیغام بھیجا ہے کہ ہندوستانیوں کا خون بہانا سزا کو دعوت دے گا کا اعلان کرتے ہوئے مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے کہا کہ میں دہشت گردی کے مراکز کو مسمار کرنے والے درست حملوں کے لیے ہماری مسلح افواج کو مبارکباد دیتا ہوں۔ سی این آئی کے مطابق اتر پردیش میں 12,048 خواتین سمیت 60,244 اتر پردیش پولیس کانسٹیبلوں کو تقرری کے خطوط دینے کے بعد خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ امیت شاہ نے کہا کہ انسداد دہشت گردی آپریشن سندور کے ذریعے وزیر اعظم نریندر مودی نے پوری دنیا میں ایک مضبوط پیغام بھیجا ہے کہ ہندوستانیوں کا خون بہا سزا کو دعوت دے گا۔ انہوں نے کہا ''میں دہشت گردی کے مراکز کو مسمار کرنے والے درست حملوں کے لیے ہماری مسلح افواج کو مبارکباد دیتا ہوں''۔ انہوں نے دہشت گردانہ حملوں پر وزیر اعظم مودی کے سخت ردعمل کا موازنہ کانگریس کے/9



# وزیر اعظم نے پیٹر ماگیار کو مبارکباد دی

## تعلقات کو مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا

نئی دہلی/ یو این آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی نے پیر کے روز پیٹر ماگیار اور ان کی 'تسزا پارٹی' کو ہنگری کے حالیہ انتخابات میں شاندار کامیابی پر مبارکباد دی اور دونوں ممالک کے درمیان دو طرفہ اور اسٹریٹجک تعلقات کو مزید گہرا کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر جاری کردہ ایک پیغام میں مسٹر مودی نے کہا، "جناب پیٹر ماگیار اور تسزا پارٹی کو آپ کی انتخابی فتح پر دلی مبارکباد۔ "انہوں نے ہندوستان اور ہنگری کے درمیان دیرینہ تعلقات کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک/ 11

# طالبات کے ساتھ بدسلوکی پر سوپور میں سینئر لیکچرر معطل

## جوائنٹ ڈائریکٹر (نارتھ) کو انکوائری آفیسر مقرر کیا گیا ہے

سرینگر/ یو این آئی/ حکام نے پیر کے روز شمالی کشمیر کے سوپور سب ڈسٹرکٹ میں طالبات کے ساتھ سنگین بدسلوکی کے الزامات کے بعد ایک سینئر لیکچرر کو معطل کر دیا۔ جموں وکشمیر پولیس نے بھی اس لیکچرر کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے، جو گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول، سوپور میں تعینات تھا۔ ڈائریکٹوریٹ آف اسکول ایجوکیشن کشمیر کی جانب سے جاری ایک سرکاری حکم کے مطابق، اردو کے لیکچرر کو اس کے طرزِ عمل کی تحقیقات مکمل ہونے تک فوری طور پر معطل کر دیا گیا ہے۔ حکم میں مزید کہا گیا ہے کہ ملزم کو ضلع بانڈی پورہ کے گریز علاقے میں واقع بی ایچ ایس ایس بدوگام کے ساتھ منسلک کر دیا گیا ہے، جبکہ جوائنٹ ڈائریکٹر (نارتھ) کو انکوائری آفیسر مقرر کیا گیا ہے، جو 15 دن کے اندر رپورٹ پیش کرے گا۔ پیر کے روز اسکول میں کشیدگی اس وقت بڑھ گئی جب طالبات نے مبینہ ہراسانی کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے اسکول کے باہر جمع ہو کر لیکچرر کی گرفتاری کا مطالبہ کیا۔ جیسے جیسے احتجاج میں شدت آئی، پولیس اور سول انتظامیہ/12

# چرس برآمدگی کیس میں پانچ سال بعد بھی ٹرائل مکمل نہ ہوسکا

## جموں وکشمیر ہائی کورٹ کا تاخیر پر برہمی کا اظہار

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں کشمیر ہائی کورٹ نے منشیات مخالف قانون کے تحت درج ایک اہم مقدمے میں ٹرائل کورٹ کی سست رفتاری پر سخت ناراضگی ظاہر کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ 'بغیر معقول عدالتی حکم کے کارروائی کو مشینی انداز میں مؤخر کرنا قابلِ قبول نہیں'۔ عدالت نے معاملے میں ملزم کی ضمانت مسترد کرتے ہوئے ٹرائل کورٹ کو کیس کی رفتار تیز کرنے کے لیے مخصوص ہدایات جاری کی ہیں۔ جسٹس رجنیش اوسوال نے اپنے 10 صفحات پر مشتمل فیصلے میں کہا کہ جب مقدمہ حتمی دلائل کے مرحلے تک پہنچ چکا ہو تو کارروائی بغیر واضح قانونی بنیاد کے نہیں روکی جا سکتی۔ انہوں نے کہا کہ اصل سوال ملزم کی حراست نہیں بلکہ یہ ہے کہ کیا ٹرائل کورٹ نے شریک ملزم کے خلاف نئی شکایت کی بنیاد پر مرکزی مقدمے کو قانونی طور پر روکنے کا فیصلہ کیا یا نہیں۔ یہ مقدمہ 2020 میں 5.4 کلوگرام چرس کی برآمدگی سے متعلق ہے، جو منشیات ایکٹ کے تحت 'تجارتی مقدار' میں آتی ہے۔ ملزم افروز احمد شیخ پر الزام ہے کہ وہ جنوبی کشمیر کے/13

# ایک ماہ تک کھلا رہنے کے بعد

## باغ گل لالہ 16 اپریل کو بند ہوگا

سرینگر/ یو پی آئی/ ڈائریکٹوریٹ آف فلوریکلچر، گارڈنز اینڈ پارکس کشمیر نے پیر کو اعلان کیا کہ سرینگر کا معروف ٹیولپ گارڈن، جو 16 مارچ سے 'ٹیولپ شو 2026' کے تحت سیاحوں اور مقامی زائرین کے لیے کھولا گیا تھا، 16 اپریل کی شام سے عام لوگوں کے لیے بند کر دیا جائے گا۔ محکمہ کی جانب سے جاری نوٹس کے مطابق، یہ فیصلہ ٹیولپ کمیٹی کی سفارشات کی بنیاد پر لیا گیا ہے۔ محکمہ نے مزید کہا کہ مقررہ تاریخ کے بعد گارڈن عوام کے لیے بند رہے گا، جس کے ساتھ ہی رواں سال کے رنگا رنگ ٹیولپ شو کا باضابطہ/14

# گلمرگ میں پارلیمانی قائمہ کمیٹی برائے توانائی کی وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات

## جموں وکشمیر میں بجلی کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے، قابلِ اعتماد سپلائی اور تیز رفتار اصلاحات کے عزم کا اعادہ



گلمرگ، 13 اپریل/// پارلیمانی قائمہ کمیٹی برائے توانائی کے ایک مطالعاتی گروپ نے آج اپنے دورۂ خطہ کے دوران وزیر اعلیٰ Omar Abdullah سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران کمیٹی نے وزیر اعلیٰ کو اپنے دورے کے مقاصد سے آگاہ کیا اور توانائی کے شعبے سے متعلق اہم امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعلیٰ نے حکومت کے اس عزم کو اجاگر کیا کہ جموں وکشمیر میں توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو مزید مستحکم بنایا جائے گا، بجلی کی فراہمی کو قابلِ اعتماد بنایا جائے گا اور بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کے لیے اصلاحاتی اقدامات کو تیز کیا جائے گا۔ کمیٹی کے ارکان نے توانائی کے بنیادی ڈھانچے، قابلِ تجدید توانائی کے امکانات اور خطے میں بجلی کی ترسیل کے نظام کو مضبوط بنانے کی ضرورت جیسے اہم امور پر روشنی ڈالی۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کمیٹی کے ارکان کا خیر مقدم کیا اور جموں و کشمیر میں توانائی کی صورتحال کا جائزہ لینے میں ان کی دلچسپی کو سراہا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے اور معاشرے کے تمام طبقات کو قابلِ اعتماد اور سستی بجلی فراہم کرنے کے لیے توانائی کے شعبے میں مسلسل سرمایہ کاری ناگزیر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت جموں وکشمیر کے وسیع پن بجلی وسائل سے فائدہ اٹھانے اور صاف و قابلِ تجدید توانائی کے فروغ پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ ملاقات کے دوران توانائی کے شعبے کو درپیش مختلف چیلنجز پر بھی گفتگو کی گئی۔ وزیر اعلیٰ نے کمیٹی کو۔۔۔۔/101

# قانون سازوں اور وفود کی وزیر جاوید رانا سے ملاقات

## عوامی و شعبہ جاتی نوعیت کے مختلف مسائل سے آگاہ کیا



جموں/ 13 اپریل// متعدد قانون سازوں، وفود اور افراد نے سول سیکرٹریٹ جموں میں وزیر برائے جل شکتی، جنگلات و ماحولیات اور قبائلی امور جاوید رانا سے ملاقات کی اور انہیں عوامی و شعبہ جاتی نوعیت کے مختلف مسائل سے آگاہ کیا۔ وزیر سے ملاقات کرنے والوں میں قانون ساز آر ایس پٹھانیہ اور خورشید احمد شامل تھے۔ واٹر ٹیسٹنگ لیبارٹری کے ملازمین پر مشتمل ایک وفد، جے جے ایم کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے نمائندوں اور دیگر افراد نے اپنے مسائل پیش کئے۔ دوران ملاقات قانون سازوں اور وفود نے متعدد اہم مسائل بالخصوص پینے کے پانی کی فراہمی کی سکیموں، جنگلات کے انتظام مسائل اور مقامی آبادی کو متاثر کرنے والے دیگر عوامی اہمیت کے معاملات کو اجاگر کیا۔ واٹر ٹیسٹنگ لیبارٹری۔۔۔۔/102

## وزیر اعلیٰ نے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کو یوم پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا

سری نگر/ 13 اپریل// وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کے یوم پیدائش پر شاندار خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے انہیں ایک دُور اندیش رہنما، سماجی مصلح اور ہندوستانی آئین کے معمارِ اعظم قرار دیا۔ وزیر اعلیٰ نے اپنے پیغام میں کہا کہ ڈاکٹر امبیڈکر کی ساری زندگی سماجی انصاف، مساوات اور پسماندہ طبقات کی فلاح و بہبود کے لئے جدوجہد آنے والی نسلوں کے لئے مشعلِ راہ ہے۔ اُنہوں نے جمہوری اور جامع ہندوستان کی بنیاد رکھنے میں ڈاکٹر امبیڈکر کی گرانقدر خدمات کو اُجاگر کیا جو آزادی، مساوات اور بھائی چارے کے اصولوں پر مبنی ہے۔ اُنہوں نے لوگوں بالخصوص نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ ڈاکٹر امبیڈکر کے نظریات سے رہنمائی حاصل کریں اور ایک منصفانہ اور مساوی معاشرے کی تعمیر کے لئے کام کریں۔۔۔۔/103

# اشوک کول کی صدارت میں گاندربل میں بی جے پی کا تنظیمی اجلاس

## پارٹی کو نچلی سطح تک مضبوط بنانے پر زور، تربیت اور عوامی رسائی بڑھانے کی ہدایت



گاندربل، 13 اپریل// جموں وکشمیر بی جے پی کے جنرل سیکریٹری (تنظیم) اشوک کول نے ضلع گاندربل میں پارٹی دفتر میں ضلع عہدیداران، حلقہ صدور اور مورچہ صدور کے ساتھ ایک تنظیمی اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں ریاستی سیکریٹری و ضلع انچارج عارف راجہ، ضلع صدر غلام حسن راتھر سمیت دیگر سینئر رہنما اور عہدیداران شریک ہوئے۔ اشوک کول نے خطاب کرتے ہوئے پارٹی تنظیم کو نچلی سطح تک مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک مضبوط اور فعال تنظیم پارٹی کی ریڑھ کی ہڈی ہوتی ہے اور ہر سطح پر متحرک ٹیموں کی تشکیل ضروری ہے۔ انہوں نے ہدایت دی کہ ہر کارکن، چاہے نیا ہو یا سینئر، پارٹی سرگرمیوں میں فعال کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی ہمیشہ اپنے کارکنان پر مبنی ڈھانچے کے باعث مضبوط رہی ہے اور تمام کارکنان کے درمیان ہم آہنگی ناگزیر ہے۔ انہوں نے رہنماؤں کو عوامی رابطہ مہمات، اجلاسوں اور پروگراموں کے انعقاد کی ہدایت دی۔ اجلاس میں جاری پروگراموں، بالخصوص تربیتی نشستوں (پرشکشن ورگ) اور یوم تاسیس تقریبات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اشوک کول نے 14 اپریل کو ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کی جینتی کے موقع پر وسیع پیمانے پر پروگرام منعقد کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ ایسے مواقع پر سماجی انصاف اور ہمہ گیر ترقی کے پیغام کو عام کیا جانا چاہیے۔۔۔۔/105

# ڈائریکٹر اطلاعات شریا سنگھل کی جانب سے

## ''نشہ مکت مہم'' مقابلے کے فاتحین کی جموں میں حوصلہ افزائی



جموں، 13 اپریل//// ڈائریکٹر اطلاعات شریا سنگھل نے آج یہاں میڈیا کمپلیکس میں "نشہ مکت مہم" کے تحت منعقدہ "ٹیلنٹ وسٹا- پوسٹر سازی اور نعرہ نویسی مقابلہ" کے فاتحین کی حوصلہ افزائی کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر اطلاعات نے کامیاب شرکاء کو مبارکباد پیش کی اور تمام شرکاء کی تخلیقی صلاحیتوں اور سماجی مقصد کے تئیں وابستگی کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ اس نوعیت کی بیداری مہمات معاشرے، خصوصاً نوجوان نسل کو منشیات کے مضر اثرات سے آگاہ کرنے اور اس لعنت کے خاتمے کے لیے اجتماعی کوششوں کی ضرورت اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ انتظامیہ نشہ مکت مہم کے تحت عوامی بیداری پروگراموں کو مزید مضبوط بنانے کے لیے پُرعزم ہے۔ انہوں نے نوجوانوں کو ترغیب دی کہ وہ اس طرح کی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور معاشرے کی بہتری میں اپنا مثبت کردار ادا۔۔۔۔/104

# بیساکھی کے تہوار پر سکھ برادری کو ڈاکٹر فاروق عبداللہ کی طرف سے مبارکباد

## کہا تہوار مذہبی رواداری، بھائی چارہ اور انسانیت کا درس دیتے ہیں



سرینگر// صدر جموں وکشمیر نیشنل کانفرنس ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے بیساکھی کے تہوار پر ملک خصوصاً جموں وکشمیر اور لداخ کی سکھ برادری کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ یہ تہوار مذہبی رواداری، بھائی چارہ اور انسانیت کا درس دیتے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ اللہ کا شکر ہے کہ جموں وکشمیر کے عوام نے صدیوں سے اپنے بھائی چارہ، فرقہ وارانہ ہم آہنگی خصوصاً ہندو مسلم سکھ اتحاد کی مشعل کو فروزاں رکھا ہے، جس کیلئے ریاست کے لوگوں کو برصغیر میں اس رواداری کو قائم دائم رکھنے میں طرہ امتیاز رہا ہے۔ نیشنل کانفرنس جنرل سکریٹری حاجی علی محمد ساگر، ٹریجرر شمی اوبرائے، معاون جنرل سکریٹری چودھری محمد رمضان، صوبائی صدور ایڈوکیٹ شوکت میر ایڈوکیٹ رتن لعل گپتا نے بھی مبارکباد پیش کی ہے۔ پارٹی کی اقلیتی سیل کے آرگنائزر جگدیش سنگھ آزاد نے بھی بیساکھی کے تہوار مبارکباد پیش کی ہے اور کہا ہے کہ یہ تہوار ایک دوسرے کی خوشیوں میں شریک ہونے اور بھائی چارے کو فروغ دینے کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ یہ مبارک تہوار سبھی کی زندگیوں میں خوشی اور خوشحالی لے کر آئے۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم شیر کشمیر شیخ محمد عبداللہ کا نعرہ تھا، ہندو۔ مسلم۔ سکھ اتحاد جس پر نیشنل کانفرنس قائم و دائم ہے۔ انہوں نے ڈویژنل انتظامیہ سے اپیل کی کہ وہ بیساکھی کے پیش نظر تمام گوردواروں میں عقیدتمندوں کیلئے بنیادی سہولیات خصوصاً بجلی، پینے کے پانی، صحت وصفائی اور ٹرانسپورٹ کے مناسب اور معقول انتظامات میسر رکھیں۔

# عوام کی بے لوث خدمت کرنا نیشنل کانفرنس کا بنیادی ایجنڈا

## ریاستی درجہ کی بحالی کیلئے ہر ممکن جمہوری اور آئینی راستہ اختیار کیا جائے گا// چودھری محمد رمضان



سرینگر// نیشنل کانفرنس ہمیشہ سے عوام کی فلاح و بہبود، جمہوری اقدار کے فروغ اور ریاست کے حقوق کے تحفظ کیلئے صفِ اول میں رہی ہے۔ نیشنل کانفرنس نے اپنے قیام سے لے کر آج تک ایسے تاریخی اور انقلابی اقدامات کئے ہیں جنہوں نے نہ صرف عوامی زندگی کو بہتر بنایا بلکہ سماجی انصاف، تعلیم، صحت اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ ان باتوں کا اظہار پارٹی کے معاون جنرل سکریٹری ایڈوکیٹ چودھری محمد رمضان نے آج پارٹی ہیڈکوارٹر پر مختلف علاقوں سے آئے ہوئے عوامی وفود، پارٹی لیڈران، ممبرانِ اسمبلی، عہدیداران اور کارکنان کیساتھ تبادلہ خیالات کرتے۔۔۔۔/106

# مشیر ناصر اسلم وانی نے سوگوار کنبے سے ملاقات کی

## سعودی عرب سے میت کی وطن واپسی کیلئے مدد کا یقین دِلایا

کپواڑہ/ 13 اپریل// وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی ہدایت پر آج لولاب کے سوگام کے رہائشی بلال منظور کے گھر گئے جو حال ہی میں سعودی عرب میں کام کے دوران مختصر بیماری کے بعد انتقال کر گئے تھے۔ مشیر موصوف نے لولاب میں سوگوار کنبے کے افراد سے ملاقات کی اور وزیر اعلیٰ کی جانب سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ اُنہوں نے اہل خانہ کے ساتھ گہری ہمدردی کا اظہار کیا اور اس مشکل وقت میں ان کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ مشیر ناصر اسلم وانی نے کنبے کے افراد کے ساتھ وقت گزارتے ہوئے تسلی اور مدد کے الفاظ پیش کئے۔ اُنہوں نے انہیں یہ بھی یقین دلایا کہ حکومت سعودی عرب سے ان کے بیٹے کی میت کی جلد وطن واپسی کو یقینی بنانے کے لئے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔

# وزرا کی بیساکھی، خالصہ پنتھ یوم تاسیس اور

## امبیڈکر جینتی کے موقعہ پر لوگوں کو مبارک باد دِی

سری نگر/ 13 اپریل// وزیر برائے زرعی پیداوار، دیہی ترقی اور پنچایتی راج محکمہ جات جاوید احمد ڈار نے 14 اپریل کو منائے جانے والے بیساکھی، خالصہ پنتھ یوم تاسیس اور ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کے یوم پیدائش کے موقعہ پر لوگوں کو دلی مُبارک باد پیش کی ہے۔ اُنہوں نے اَپنے پیغام میں کہا کہ یہ مواقع اتحاد، ثقافتی ورثے اور سماجی اِنصاف کی علامت ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ بیساکھی شمسی نیا سال اور فصل کٹائی کے موسم کی نمائندگی کرتی ہے جو کہ محنتی کسانوں کے تئیں خوشی، خوشحالی اور شکرگزاری کی عکاسی کرتی ہے جو ملک کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں۔ جاوید ڈار نے خالصہ پنتھ کے یوم تاسیس کی تاریخی اہمیت کو اُجاگر کرتے ہوئے کہا کہ یہ بہادری، قربانی اور راستبازی کے عزم کی نمائندگی کرتا ہے۔ اُنہوں نے سکھ کمیونٹی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور سب کے لئے امن، ہم آہنگی اور خوشحالی کی دعا کی۔ وزیر موصوف نے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ آئین ہند کی تشکیل میں ان کا اہم کردار آج بھی نسلوں کے لئے مشعلِ راہ ہے۔ اُنہوں نے سماجی اِنصاف، مساوات اور تعلیم کے فروغ کے لئے ان کی انتھک کوششوں کو سراہتے ہوئے اُنہیں ایک جامع اور ترقی پسند۔۔۔۔/107

# ستیش شرما نے ریاسی میں جنرل زوراور سنگھ کے مجسمے کی نقاب کشائی کی

ریاسی 13 اپریل// خوراک، شہری سپلائیز اور امور صارفین، انفارمیشن ٹیکنالوجی، یوتھ سروسز اور کھیل اور ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے آج ریاسی میں لیجنڈری ملٹری کمانڈر جنرل زوراور سنگھ کے یادگاری مجسمے کی نقاب کشائی کی۔ ان کی یوم پیدائش انتہائی عقیدت اور حب الوطنی کے ساتھ منائی گئی۔ اس تقریب کا اہتمام جنرل زوراور سنگھ میموریل ایجوکیشنل اینڈ چیریٹیبل ٹرسٹ نے کیا تھا، جس میں ضلعی انتظامیہ کے سینئر افسران بشمول ایڈیشنل ڈسٹرکٹ کمشنر، سپرنٹنڈنٹ آف پولیس اور عوام کے ارکان نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے جنرل زوراور سنگھ کو شاندار خراجِ عقیدت پیش کیا جو ''مشرق کے نپولین'' کے نام سے مشہور ہیں اور ان کی غیر معمولی فوجی ذہانت، جرات اور قوم کیلئے بے مثال شراکت کی تعریف کی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ایسی مشہور شخصیات کی زندگی اور میراث آنے والی نسلوں کیلئے رہنمائی کا کام کرتی ہے۔ بعد میں وزیر نے ریاسی میں اسپورٹس اسٹیڈیم کا۔۔۔۔/108

# وزیر تعلیم سکینہ اِیتو نے سکولی تعلیم اور صحت شعبوں میں اِصلاحات کیلئے

## آئی آئی ٹی جموں کے مجوزہ آرٹیفیشل اِنٹلی جنس (اے آئی) اقدامات کا جائزہ لیا



جموں/ 13 اپریل// وزیر برائے صحت و طبی تعلیم، سماجی بہبود اور تعلیم محکمہ جات سکینہ اِیتو نے آج ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی جس میں سکولی تعلیم اور صحت شعبوں میں تبدیلی کی اِصلاحات کے لئے آئی آئی ٹی جموں کے مجوزہ آرٹیفیشل اِنٹلی جنس (اے آئی) اقدامات کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں کمشنر سیکرٹری صحت و طبی تعلیم ایم راجو، سی ای او سٹیٹ ہیلتھ ایجنسی اننت دویدی، سکولی ایجوکیشن جموں / کشمیر کے ڈائریکٹروں اور محکمہ صحت و سکولی تعلیم کے دیگر سینئر اَفسران نے ذاتی طور پر یا بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ شرکت کی۔ دوران میٹنگ وزیر موصوفہ نے پرائمری، مڈل اور ہائیر سیکنڈری سطحوں پر پھیلے ہوئے ایک منظم اور عمر کے مطابق اے آئی نصاب تیار کرنے پر زور دیا جس میں اے آئی کی بنیادی معلومات، جنریٹیو اے آئی کے ذمہ دارانہ اِستعمال، پرامپٹ اِنجینئرنگ اور کمپیوٹیشنل تھنکنگ شامل ہو۔ اُنہوں نے آئی آئی ٹی جموں کے نمائندوں سے کہا۔۔۔۔/109

# نائب وزیر اعلیٰ نے میراں صاحب میں جاری پُل پروجیکٹ کا معائنہ کیا

## اس کے معیار اور بروقت تکمیل پر زور دیا



جموں 13 اپریل// نائب وزیر اعلیٰ مسٹر سریندر چودھری نے آج ستواری۔ آر ایس پورہ کو میراں صاحب جموں میں جوڑنے میں والی سڑک پر 7.42 کروڑ روپے کی لاگت سے زیرِ تعمیر پُل کا معائنہ کیا۔ معائنہ کے دوران نائب وزیر اعلیٰ نے بنیادی ڈھانچے کے اہم پروجیکٹ پر چلائے جا رہے کام کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیا۔ بروقت تکمیل کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے انہوں نے متعلقہ افراد کو ہدایت دی کہ وہ تعمیراتی عمل کو تیز کریں اور مقررہ وقت پر سختی سے عمل کریں۔ پُل کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ منصوبہ تاریخی اہمیت کا حامل ہے اور علاقے کے لوگوں کیلئے ہموار رابطے اور بہتر رسائی کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ سائٹ پر انجینئروں اور عہدیداروں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے تعمیراتی طریقوں، استعمال کئے جانے والے مواد کے معیار اور اب تک کی مجموعی پیش رفت کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کیں۔ قبل ازیں۔۔۔۔/110


## PUBLIC NOTICE

Notice is hereby given that the partnership firm M/s S.S CARAVAN Tour & Travels, having its registered office at Reyazat-Teng Khanyar, Srinagar, has been dissolved by mutual consent of all partners with effect from February 1, 2026.
It is further notified that the said business shall hereafter be carried on as a Sole Proprietorship by Mr. SHAHID HABIB, S/o Habib-Ullah Bhat, R/o Shalimar, Srinagar, under the existing name and style of M/s S.S CARAVAN Tour & Travels.
All concerned persons, government departments, clients, and stakeholders are hereby informed to deal only with the said Sole Proprietor for all future transactions .
Any objection regarding the above shalll be brought to the notice of the JK Tourism Department within 7 days of the publication of this notice.
Date: April 13, 2026

## DOCUMENT MISSING REPORT

This is to informwith reference to the Bank GuaranteeNo: 2451NDLGO0217425, Dated: 14-11-24 (Amounting to Rs 87500) given by Bharti Airtel Ltd to National Highway Authorities of India Ltd. As part of obtaining ROW permission for execution of OFC Laying Work and Subsequently released By National Highway Authorities of India Ltd. Vide letter No:NHA/RO-Jammu/2010/11085/1391,dated: 09-04-26to ICICI Bank Ltd . after expiring of BG on 12-11-2025. The said document is missing andIt is hereby intimated to general public via this notice that the said Bank Guarantee document, if found may kindly be returned to Bharti Airtel Ltd. On following address..

**Bharti Airtel Ltd. M.A. Road, Srinagar.**
**(Tahir Mushtaq)**
**Cell No: 9906549943**

**The Jammu and Kashmir Board of School Education**
**New Campus, Bemina Srinagar**
**Attention Please**



The candidate whose photograph is affixed above reports that he/she has lost his/her Qualification Certificate/s has the following description:-
Roll No: 124187,Class: 10th,Year Session: Oct-Nov 1986-8 7 , Registration No: M42473,Name: Ali Mohammed Malla,Father's Name: Ab Ahad Malla,Mother's Name: Raja Bano,Date of Birth: 01-11-1967, Residence: Yangoora, Tehsil Lar, Distt-Ganderbal
Now the candidate has applied for issuance of a Duplicate Qualification Certificate. The same will be processed under rules. If anybody has any kind of objection in this regard, he/she may approach the office of the undersigned within 07 days from the date of publishing of this notice. After the expiry date, no objection shall be entertained.
Besides, the QUALIFICATION CERTIFICATE bearing Serial No: 42473 is to be treated as CANCELLED.
**Sd/-Deputy Secretary,Certificates, KD.**

GOVERNMENT OF JAMMU & KASHMIR
**OFFICE OF THE ASSISTANT REGIONAL TRANSPORT OFFICER, SHOPIAN**




**NOTICE**
Ref. No: ARTO/SPN/2026/1411
Dated: 27/03/2026
While as Joint applicatin has been received from Aditya Verma S/o Ram Babu Verma, R/o Adarsh Mohalla, Delhi.
Salman Mushtaq S/o Mushtaq Ahmad Khan, R/o Hergam, Shopian.(Transferee) the re-registration of vehicle bearing registration number: DL9SCB 8092.
Now therefore, it is notified for general public that, objection, if any one have regarding transfer re-registration of the said vehicle shall be filled in writing in the office of Assistant Regional Transport Officer Shopian within the period of 07 days from the date of publication of this notice.
**Sd/-Assistant Regional Transport Officer Shopian**

## OFFICE OF THE NAIB TEHSILDAR BUDGAM
## NOTICE FOR ISSUANCE OF OBC UNDER: Teeli

It is hereby notified for the information of the general public that the following applicant and his family members, resident of Zuhama of Tehsil Budgam, District Budgam, have applied for issuance of OBC, J&K certificate in terms of Government of Jammu and Kashmir rules.
Whereas, Shri/Smt Humairah Jan S/o/D/o Mushtaq Ahmad Teeli R/o Zuhama Tehsil Budgam District Budgam has applied before this office for issuance of OBC J&K Certificate. The supporting documents and Certified copy of the voter list/electoral roll of the year 2025 uploaded by the applicant also depicts the caste of the applicant as Teeli.
As per the Shajra Nasb / Misli Haqiyat / Jamabandi, uploaded by the patwari concerned, the caste of the applicant is Teeli. The ancestors/forefathers of the applicant belongs to the Teeli caste since birth.
Any person having objection(s) with regard to the issuance of the said OBC certificate may submit the same in writing to the office of the undersigned within 07 (seven) days from the date of publication of this notice. After expiry of the stipulated time, no objection shall be entertained and the certificate will be issued in due course.

**Details of Applicant and Family Members:**

| S.No. | Name of Family Members | Relationship with Applicant | Occupation | Annual Income |
|---|---|---|---|---|
| 01. | Humairah Jan | Self | DAYA | 60,000/- |
| 02. | Aijaz Ahmad Teeli | Uncle | Shopkeeper | 2,40,000/- |
| Total Income | | | 3,00,000/- | |

**Naib Tehsildar,Budgam**

## انڈین ریلوے

ای۔ ٹینڈر نوٹس

ٹینڈر نوٹس نمبر: 433-Sig-35-25-26
تاریخ: 11.04.2026
تکمیل کی تاریخ/وقت: 04.05.2026, 15:00

صدر جمہوریہ ہند کی جانب سے کام کرتے ہوئے سینئر ڈی ایس ٹی ای/ جے اے ٹی ٹینڈر نوٹس نمبر 433-Sig-35-25-26۔ تکمیل کی تاریخ/ وقت 04.05.2026 کو 15.00 بجے کے خلاف https://www.ireps.gov.in پر ای۔ ٹینڈرز طلب کرتے ہیں۔ بولی دہندہ اپنی اصل/ ترمیم شدہ بولیاں صرف تکمیل کی تاریخ اور وقت سے پہلے پیش کریں گے۔ اس ٹینڈر کے خلاف مینول تجویز کی اجازت نہیں ہے۔ اور حاصل ہونے والے ایسے کسی بھی مینول تجویز کو نظر انداز کر دیا جائے گا۔ ممکنہ بولی دہندگان کو اس ٹینڈر کیلئے دستاویز لاگت اور بیعانہ رقم کی ادائیگی صرف آئی آر ای پی ایس پورٹل پر دستیاب آن لائن ادائیگی سرگرمیاں جیسے نیٹ بینکنگ، ڈیبٹ کارڈ، کریڈٹ کارڈ وغیرہ کے ذریعے کرنے کی اجازت ہے۔ ڈیمانڈ ڈرافٹ، بینکر چیک، جمع رسیدیں، ایف ڈی آر وغیرہ کے ذریعے مینول ادائیگی کی اجازت نہیں ہے۔

این آئی ٹی ہیڈر

| قرار کی قسم | کام | | |
|---|---|---|---|
| کام کا نام | جموں ڈویژن کیلئے ای آئی میک کیوسان کا وسیع سالانہ دیکھ بھال معاہدہ (اے ایم سی) تین (03) سالوں کیلئے | | |
| ٹینڈر تکمیل کی تاریخ | 04.05.2026 15:00 | ٹینڈر اپلوڈ کرنے کی تاریخ وقت | 11.04.2026 18:30 |
| اشتہار کی قیمت (روپئے) | 2,88,78,453.72 | آئی آر ای پی ایس کے مطابق بولی شروع کرنے کی تاریخ | 20.04.2026 |
| بیعانہ رقم (روپئے) | 5,77,600.00 | پورا ہونے کی مدت | 36 مہینے |

1237/2026 گراہکوں کی خدمت میں مسکان کے ساتھ

# سرینگر ٹائمز

14 اپریل 2026، بروز منگلوار

## اور بھی باغ ہیں کشمیر میں گل لالہ کے سوا

چشمہ شاہی کے بغل میں مغل باغات کے نزدیک پری محل کی گود میں اور جھیل ڈل کے کنارے پر واقع باغ گل لالہ جسے عرفِ عام میں ٹیولپ گارڈن کہا جاتا ہے۔16 اپریل 2026 کو بند کیا جارہا ہے۔اس سلسلہ میں محکمہ فلوری کلچر کی طرف سے اعلان کیا جاچکا ہے ۔یہ باغ 16 مارچ کو کھل گیا تھا۔اس طرح پورے ایک ماہ کے عرصہ کے دوران کئی لاکھ مقامی باشندوں اور سیاحوں نے اسکا نظارہ کیا۔محکمہ فلوری کلچر ہر سال اس باغ کی افتتاحی تقریب سے قبل دعویٰ کرتا ہے کہ اب کی بار پھولوں کی تعداد اور اقسام میں اضافہ کیا جاچکا ہے۔لیکن اس بات سے انکار مشکل ہے کہ باغ گل لالہ جب سے وجود میں آیا ہے لوگوں کی توجہ اور پسند بن گیا ہے ۔سیر تفریح کیلئے اس کی سب سے خوبصورتی یہ ہے کہ گھنے اور سرسبز پہاڑوں کے درمیان میں واقع ہے۔اگر یہ باغ میدانی علاقہ میں ہوتا تو شاید اس میں زیادہ جاذبیت اور کشش نہیں ہوتی ۔اب کے برس محکمہ فلوری کلچر نے اس باغ کو کسی ٹھیکے دار کے حوالے نہیں کیا بلکہ خود اس کے نظم و نسق کو اپنے ہاتھوں میں لیا۔ایک ماہ میں محکمہ کو کتنی آمدنی ہوئی ہے۔اس کی تفصیلات ابھی منظر عام پر نہیں آئی ہے ۔مگر آمدنی میں مزید اضافہ ہوتا اگر موسم وقفہ وقفہ کے بعد ناخوشگوار ثابت نہ ہوتا۔وادی کشمیر میں موسم کی کروٹوں نے اس باغ کا رخ کرنے کے خواہشمندوں کو کبھی مایوس اور کبھی خوش کردیا ۔مگر بحیثیت مجموعی کئی ہفتوں کے دوران زبردست بارش اور تیز ہواؤں کے نتیجہ میں اس کو دیکھنے کی چاہت ختم ہوئی کسی باغ میں خوبصورت مہک دار اور رنگارنگ پھول دیکھنے کیلئے موسم کا سہانا ہونا بہت ضروری ہے۔ناخوشگوار موسم میں کسی گلستان کی طرف رُخ کرنا بھی ناگوار گذرتا ہے۔

باغ گل لالہ صرف ایک ماہ تک جاری رہتا ہے اس کے بعد جب ختم ہوتا ہے تو لگتا ہے کہ جیسے اس کا کوئی وجود ہی نہیں تھا۔لیکن اگلے سال اس کو دیکھنے کیلئے دل مچلتا ہی رہتا ہے اور یہی طلب اس باغ کی مقبولیت کی وجہ ہے۔

لیکن وادی کشمیر میں بے شمار باغات ہیں جو نہ صرف تاریخی ہیں بلکہ دلفریبی میں زبردست مقام رکھتے ہیں ۔مغل باغات کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ سال کے چھ ماہ سے زیادہ عرصہ تک لوگوں کو دعوت نظارہ دیتے ہیں۔ان باغات کو جتنی بار دیکھنے کی کوشش کی جائے تشنہ طلب باقی ہے ۔لیکن محکمہ فلوری کلچر ان باغات کی جانب اتنی توجہ نہیں دیتا کہ جتنی کی ضرورت تھی ۔باغ نشاط ہو یا باغ شالیمار۔ایک دوسرے کے نزدیک ان باغات میں ہر سال تقریبا ایک ہی طرح کے پھول اُگائے جاتے ہیں ۔ان میں اضافہ کرنے یا نئے پھول سجانے کی طرف کم توجہ دی جاتی ہے۔دورِحاضر میں اگر کسی فائیوسٹار ہوٹل کے باغات کا جائزہ لیں تو پھولوں کے بے شمار اقسام دیکھ کر عقل دنگ رہ جاتی ہے مگر محکمہ فلوریکلچر کو فنڈوں کی کمی نہ ہونے کے باوجود مغل باغات کو ہر سال نئی شکل وصورت میں پیش کرنے کا نہ جانے خیال کیوں نہیں آتا ہے۔ان باغات کے اندر جانے کیلئے ٹکٹ گھر ان ہی باغات کے دیواروں کو چھید کر بنائے گئے ہیں ۔علاوہ ازیں باغات کے باہر ٹریفک کو کنٹرول کرنے کا کوئی معقول انتظام نہیں۔شالیمار باغ تو سڑک کا ایک حصہ معلوم ہوتا ہے۔ان باغات کو نظر انداز کرنے کے نتیجہ میں ان کی کشش ختم ہونے کا امکان ہے۔

# روزمرہ زندگی میں ہمدردی کی طاقت

## ایک چھوٹا سا جذبہ، ایک بڑی انسانی ضرورت

شیخ حبیب اللہ

انسانی معاشرہ باہمی تعلقات، احساسات اور جذبات کے حسین امتزاج سے تشکیل پاتا ہے، اور ان سب میں سب سے اہم اور مؤثر جذبہ ہمدردی ہے۔ ہمدردی وہ خوبی ہے جو انسان کو دوسروں کے دکھ درد کو محسوس کرنے اور ان کے ساتھ کھڑے ہونے کا حوصلہ دیتی ہے۔ آج کے اس تیز رفتار اور مصروف دور میں جہاں لوگ اپنی ذاتی زندگیوں میں اس قدر مگن ہو چکے ہیں کہ دوسروں کے احساسات کا خیال کم ہی رکھتے ہیں، وہاں ہمدردی کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ یہ وہ جذبہ ہے جو دلوں کو جوڑتا ہے اور انسانوں کے درمیان فاصلے کم کرتا ہے۔

ہمدردی کا مطلب صرف کسی کے لیے افسوس محسوس کرنا نہیں بلکہ اس کے دکھ کو سمجھنا اور ممکنہ حد تک اس کی مدد کرنا ہے۔ یہ ایک فعال جذبہ ہے جو انسان کو عمل پر ابھارتا ہے۔ جب ہم کسی کے دکھ کو اپنا دکھ سمجھتے ہیں تو ہم اس کے لیے کچھ نہ کچھ کرنے کی کوشش کرتے ہیں، چاہے وہ ایک تسلی دینے والا جملہ ہو یا عملی مدد۔ یہی وہ احساس ہے جو انسان کو خودغرضی سے نکال کر دوسروں کے لیے جینے کا شعور دیتا ہے۔

روزمرہ زندگی میں ہمدردی کے بے شمار مواقع موجود ہوتے ہیں۔ ہم اپنے گھر، دفتر، بازار یا سڑک پر ایسے لوگوں سے ملتے ہیں جو کسی نہ کسی پریشانی کا شکار ہوتے ہیں۔ ایسے میں اگر ہم ان کے ساتھ نرم رویہ اپنائیں، ان کی بات سنیں یا ان کی مدد کریں تو یہ ہمدردی کی بہترین مثال ہوتی ہے۔ اکثر اوقات ایک مسکراہٹ، ایک حوصلہ افزا لفظ یا ایک چھوٹی سی مدد کسی کے لیے بہت بڑی خوشی کا سبب بن سکتی ہے۔

ہمدردی کا اثر صرف دوسروں تک محدود نہیں رہتا بلکہ یہ ہمارے اپنے اندر بھی مثبت تبدیلیاں لاتی ہے۔ جو لوگ دوسروں کے ساتھ ہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہیں، وہ ذہنی سکون اور اطمینان کا زیادہ تجربہ کرتے ہیں۔ ماہرین نفسیات کے مطابق، ہمدردی انسان کے اندر مثبت جذبات کو فروغ دیتی ہے اور اس کے ذہنی دباؤ کو کم کرتی ہے۔ جب ہم کسی کی مدد کرتے ہیں تو ہمیں اندرونی خوشی محسوس ہوتی ہے، جو ہماری مجموعی صحت پر بھی مثبت اثر ڈالتی ہے۔

خاندان میں ہمدردی کی اہمیت نہایت زیادہ ہوتی ہے۔ گھر وہ جگہ ہے جہاں انسان سب سے زیادہ وقت گزارتا ہے، اور اگر وہاں ہمدردی کا ماحول ہو تو زندگی نہایت خوشگوار ہو جاتی ہے۔ والدین کا بچوں کے جذبات کو سمجھنا، بہن بھائیوں کا ایک دوسرے کا خیال رکھنا اور میاں بیوی کے درمیان ایک دوسرے کے احساسات کی قدر کرنا، یہ سب ہمدردی کی خوبصورت مثالیں ہیں۔ جب گھر میں ہمدردی موجود ہو تو نہ صرف رشتے مضبوط ہوتے ہیں بلکہ ایک مثبت اور پرامن ماحول بھی قائم ہوتا ہے۔

معاشرتی سطح پر بھی ہمدردی ایک اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اگر معاشرے کے افراد ایک دوسرے کے ساتھ ہمدردی کا برتاؤ کریں تو بہت سے مسائل خود بخود حل ہو سکتے ہیں۔ غربت، بے روزگاری، بیماری اور تنہائی جیسے مسائل کا مقابلہ صرف سرکاری اقدامات سے نہیں بلکہ عوامی سطح پر ہمدردی اور تعاون کے ذریعے بھی کیا جا سکتا ہے۔ جب ایک فرد دوسرے کے لیے آسانی پیدا کرتا ہے تو یہ عمل ایک زنجیر کی طرح آگے بڑھتا ہے اور یوں پورا معاشرہ اس سے مستفید ہوتا ہے۔



تعلیمی اداروں میں بھی ہمدردی کو فروغ دینا نہایت ضروری ہے۔ اساتذہ کا طلبہ کے ساتھ شفقت بھرا رویہ، طلبہ کے درمیان باہمی احترام اور ایک دوسرے کی مدد کا جذبہ، ایک صحت مند تعلیمی ماحول پیدا کرتا ہے۔ اگر بچوں کو بچپن سے ہی ہمدردی سکھائی جائے تو وہ بڑے ہو کر ایک ذمہ دار اور حساس شہری بنتے ہیں جو معاشرے کی بہتری میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔

ڈیجیٹل دور میں ہمدردی کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔ سوشل میڈیا نے جہاں لوگوں کو ایک دوسرے کے قریب کیا ہے، وہیں اس نے بعض اوقات بے حسی اور تنقید کو بھی فروغ دیا ہے۔ لوگ بغیر سوچے سمجھے دوسروں پر تنقید کرتے ہیں اور ان کے جذبات کو ٹھیس پہنچاتے ہیں۔ ایسے میں ہمدردی کا تقاضا ہے کہ ہم آن لائن بھی مثبت رویہ اپنائیں، دوسروں کی حوصلہ افزائی کریں اور منفی باتوں سے گریز کریں۔

ہمدردی صرف انسانوں تک محدود نہیں بلکہ یہ جانوروں اور ماحول کے ساتھ بھی ہونی چاہیے۔ ایک پیاسے جانور کو پانی پلانا، کسی زخمی پرندے کی مدد کرنا یا ماحول کو صاف رکھنا، یہ سب ہمدردی کے عملی مظاہر ہیں۔ یہ ہمیں یہ سکھاتے ہیں کہ ہمدردی ایک وسیع جذبہ ہے جو ہر جاندار کے لیے ہونا چاہیے۔

یہ بھی ضروری ہے کہ ہم خود اپنے ساتھ ہمدردی کریں۔ اکثر لوگ دوسروں کے لیے تو بہت کچھ کرتے ہیں مگر اپنی ذات کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔ اپنی صحت، اپنے جذبات اور اپنی ضروریات کا خیال رکھنا بھی ہمدردی کا حصہ ہے۔ جب ہم خود مطمئن اور خوش ہوں گے تو ہی ہم دوسروں کے لیے بھی کچھ اچھا کر سکیں گے۔

ہمدردی ایک ایسی طاقت ہے جو دنیا کو بدلنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ یہ دلوں کو جوڑتی ہے، نفرتوں کو ختم کرتی ہے اور ایک بہتر معاشرے کی بنیاد رکھتی ہے۔ اگر ہر انسان اپنی روزمرہ زندگی میں ہمدردی کو جگہ دے تو دنیا ایک زیادہ خوبصورت، پرامن اور خوشحال مقام بن سکتی ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اس جذبے کو اپنائیں اور اپنی زندگی کا حصہ بنائیں تاکہ ہم نہ صرف اپنی بلکہ دوسروں کی زندگیوں میں بھی خوشی اور سکون لا سکیں۔

# بچوں میں توازن اور ارتکاز پیدا کرنے کی تعلیم

## جسمانی مہارتوں کے ذریعے ذہنی نشوونما اور خود اعتمادی کی تعمیر

شبیر احمد ریشی

بچوں کی تربیت محض نصابی تعلیم تک محدود نہیں ہوتی بلکہ ان کی شخصیت کی مکمل تشکیل کے لیے جسمانی، ذہنی اور جذباتی پہلوؤں پر یکساں توجہ دینا ضروری ہوتا ہے۔ جدید دور میں جہاں ڈیجیٹل آلات نے بچوں کی روزمرہ زندگی کو گھیر لیا ہے، وہیں ان کی جسمانی سرگرمیاں محدود ہوتی جا رہی ہیں۔ ایسے میں یہ نہایت اہم ہو جاتا ہے کہ بچوں کو ایسی سرگرمیوں کی طرف راغب کیا جائے جو نہ صرف ان کے جسم کو متحرک رکھیں بلکہ ان کے اندر توازن اور ارتکاز جیسی بنیادی صلاحیتوں کو بھی فروغ دیں۔ سائیکل چلانا، تیر اندازی، اسکیٹنگ اور دیگر ایسی سرگرمیاں بچوں کے لیے محض کھیل نہیں بلکہ ایک مکمل تربیتی نظام کا حصہ بن سکتی ہیں۔

توازن اور ارتکاز دراصل وہ بنیادی مہارتیں ہیں جو زندگی کے ہر شعبے میں کامیابی کے لیے ناگزیر ہیں۔ ایک بچہ جب سائیکل چلانا سیکھتا ہے تو وہ صرف پیڈل مارنے کا عمل نہیں سیکھ رہا ہوتا بلکہ وہ اپنے جسم کے مختلف حصوں کو ہم آہنگ کرنا، اپنی توجہ کو برقرار رکھنا اور خطرات کا اندازہ لگانا بھی سیکھ رہا ہوتا ہے۔ یہی مہارتیں بعد میں اس کی تعلیمی کارکردگی، فیصلہ سازی اور روزمرہ زندگی میں بہت مددگار ثابت ہوتی ہیں۔

> توازن اور ارتکاز دراصل وہ بنیادی مہارتیں ہیں جو زندگی کے ہر شعبے میں کامیابی کے لیے ناگزیر ہیں۔ ایک بچہ جب سائیکل چلانا سیکھتا ہے تو وہ صرف پیڈل مارنے کا عمل نہیں سیکھ رہا ہوتا بلکہ وہ اپنے جسم کے مختلف حصوں کو ہم آہنگ کرنا، اپنی توجہ کو برقرار رکھنا اور خطرات کا اندازہ لگانا بھی سیکھ رہا ہوتا ہے۔ یہی مہارتیں بعد میں اس کی تعلیمی کارکردگی، فیصلہ سازی اور روزمرہ زندگی میں بہت مددگار ثابت ہوتی ہیں۔

سائیکل چلانا بچوں کے لیے توازن سیکھنے کا ایک بہترین ذریعہ ہے۔ ابتدا میں بچے کو بار بار گرنے کا سامنا کرنا پڑتا ہے، لیکن یہی گرنا اور دوبارہ اٹھنا اس کے اندر حوصلہ، صبر اور مستقل مزاجی پیدا کرتا ہے۔ والدین کا فرض ہے کہ وہ اس مرحلے پر بچوں کی حوصلہ افزائی کریں اور انہیں یہ احساس دلائیں کہ ناکامی دراصل کامیابی کی پہلی سیڑھی ہے۔ جب بچہ آخر کار بغیر سہارے کے سائیکل چلانے لگتا ہے تو اس کے اندر ایک نئی خود اعتمادی جنم لیتی ہے جو اس کی شخصیت کا مستقل حصہ بن جاتی ہے۔

اسی طرح تیر اندازی ایک ایسی سرگرمی ہے جو ارتکاز کی اعلیٰ مثال پیش کرتی ہے۔ تیر کو نشانے پر لگانے کے لیے بچے کو اپنی سانس، نظر اور ہاتھ کی حرکت کو ایک خاص ہم آہنگی کے ساتھ کنٹرول کرنا ہوتا ہے۔ یہ عمل نہ صرف اس کی توجہ کو مضبوط کرتا ہے بلکہ اسے ذہنی سکون بھی فراہم کرتا ہے۔ تیر اندازی بچوں کو یہ سکھاتی ہے کہ کامیابی کے لیے جلد بازی کے بجائے صبر، توجہ اور درست حکمت عملی ضروری ہے۔

اسی نوعیت کی دیگر سرگرمیاں جیسے اسکیٹنگ، رسہ کودنا، بیلنس بورڈ پر مشقیں یا ہلکی جسمانی ورزشیں بھی بچوں کے لیے بے حد مفید ثابت ہوتی ہیں۔ یہ سرگرمیاں بچوں کے عضلات کو مضبوط بناتی ہیں اور ان کے جسم کو ایک بہتر ہم آہنگی فراہم کرتی ہیں۔ ساتھ ہی یہ ان کے ذہن کو بھی متحرک رکھتی ہیں، جس سے وہ زیادہ چاق و چوبند اور توجہ مرکوز رکھنے کے قابل بنتے ہیں۔

ان سرگرمیوں کا ایک اور اہم پہلو یہ ہے کہ یہ بچوں کو اسکرین سے دور رکھتی ہیں۔ آج کل بچے زیادہ تر وقت موبائل فون، ٹیبلٹ اور کمپیوٹر کے سامنے گزارتے ہیں، جس کے نتیجے میں نہ صرف ان کی جسمانی صحت متاثر ہوتی ہے بلکہ ان کی توجہ کی صلاحیت بھی کمزور ہو جاتی ہے۔ جب بچوں کو عملی سرگرمیوں میں مشغول کیا جاتا ہے تو وہ قدرتی طور پر زیادہ متحرک، خوش اور پرجوش محسوس کرتے ہیں۔

والدین اور اساتذہ کا کردار اس سلسلے میں نہایت اہم ہے۔ انہیں چاہیے کہ وہ بچوں کی دلچسپیوں کو سمجھیں اور انہیں ان سرگرمیوں کی طرف راغب کریں جو ان کی شخصیت کی مثبت نشوونما میں مددگار ہوں۔ بچوں پر زبردستی کسی خاص سرگرمی کو مسلط کرنے کے بجائے انہیں انتخاب کی آزادی دی جانی چاہیے تاکہ وہ اپنی دلچسپی کے مطابق سیکھ سکیں۔ اس سے نہ صرف ان کی کارکردگی بہتر ہوتی ہے بلکہ وہ اس عمل سے لطف بھی اٹھاتے ہیں۔

یہ بھی ضروری ہے کہ بچوں کو محفوظ ماحول فراہم کیا جائے جہاں وہ بغیر کسی خوف کے نئی چیزیں سیکھ سکیں۔ سائیکل چلانے کے لیے محفوظ جگہ، تیر اندازی کے لیے مناسب نگرانی اور دیگر سرگرمیوں کے لیے موزوں ماحول بچوں کی سیکھنے کی رفتار کو بڑھا دیتا ہے۔ والدین کو چاہیے کہ وہ بچوں کے ساتھ وقت گزاریں اور ان کی پیش رفت کو سراہیں، کیونکہ حوصلہ افزائی بچوں کے لیے سب سے بڑی تحریک ہوتی ہے۔

تعلیمی ادارے بھی اس ضمن میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ اسکولوں میں کھیلوں اور جسمانی سرگرمیوں کو نصاب کا باقاعدہ حصہ بنایا جانا چاہیے تاکہ ہر بچہ ان سے مستفید ہو سکے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ بچوں کو صرف کتابی علم تک محدود نہ رکھیں بلکہ انہیں عملی زندگی کی مہارتیں بھی سکھائیں۔ اس سے بچے نہ صرف بہتر طالب علم بنتے ہیں بلکہ ایک متوازن اور کامیاب انسان بھی بن سکتے ہیں۔

توازن اور ارتکاز کی یہ تربیت بچوں کو مستقبل کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے قابل بناتی ہے۔ جب ایک بچہ اپنی توجہ کو مرکوز رکھنا سیکھ لیتا ہے اور مختلف حالات میں اپنا توازن برقرار رکھ سکتا ہے تو وہ زندگی کے نشیب و فراز کا بہتر طریقے سے سامنا کر سکتا ہے۔ یہ مہارتیں اسے نہ صرف تعلیمی میدان میں کامیاب بناتی ہیں بلکہ اس کی ذاتی اور پیشہ ورانہ زندگی میں بھی مددگار ثابت ہوتی ہیں۔

بچوں کی تربیت میں توازن اور ارتکاز پیدا کرنے والی سرگرمیوں کو شامل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ یہ سرگرمیاں بچوں کو ایک مضبوط، پراعتماد اور باشعور فرد بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہماری آنے والی نسلیں ذہنی اور جسمانی طور پر مضبوط ہوں تو ہمیں آج ہی سے ان کی تربیت میں ان عناصر کو شامل کرنا ہوگا۔ یہی وہ بنیاد ہے جس پر ایک روشن اور کامیاب مستقبل کی عمارت کھڑی کی جا سکتی ہے۔

# خبرونظر

## سرحدوں پر کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا/فوجی کمانڈر

یو پی آئی// جموں و کشمیر کے سرحدی اضلاع راجوری اور پونچھ میں فوجی دستے مکمل طور پر الرٹ ہیں اور دشمن کی کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کے لیے پوری طرح تیار ہیں۔ یہ بات میجر جنرل کوشک مکھرجی، جو جنرل آفیسر کمانڈنگ ہیں، نے پیر کے روز راجوری میں منعقدہ 'راجوری ڈے' تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پیر پنجال خطے کے عوام، سول انتظامیہ اور سیکورٹی فورسز کے درمیان مضبوط تال میل دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے اور آئندہ بھی یہ اشتراک اسی طرح جاری رہے گا۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ بھارتی فوج سرحدوں پر ہر وقت مستعد ہے اور کسی بھی دشمنانہ کارروائی کا فوری اور مؤثر جواب دیا جائے گا۔ واضح رہے کہ 'راجوری ڈے' ہر سال 13 اپریل کو منایا جاتا ہے، جس کا مقصد 1947-48 میں دراندازی کرنے والی پاکستانی افواج کے خلاف لڑتے ہوئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے فوجیوں کی بہادری کو خراج عقیدت پیش کرنا ہے۔ میجر جنرل مکھرجی نے کہا کہ جب فوج سرحدوں کی حفاظت کرتی ہے تو مقامی آبادی بھی شانہ بشانہ کھڑی رہتی ہے، جس سے اندرونی سیکورٹی مزید مضبوط ہوتی ہے۔

## وزیر دفاع کی آپریشن سندور کے شہید سنیل کمار کے اہلِ خانہ سے ملاقات، خراجِ عقیدت پیش

یو پی آئی// مرکزی وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے لکھنؤ میں گزشتہ سال کے اہم فوجی مشن آپریشن سندور کے دوران شہید ہونے والے فوجی سنیل کمار کے اہل خانہ سے ملاقات کی اور ان کے حوصلے کو سراہتے ہوئے شہید کو خراج عقیدت پیش کیا۔ بی جے پی کی جانب سے جاری ایک بیان کے مطابق، وزیر دفاع نے شہید کی اہلیہ سجاتا کماری، بیٹوں سوربھ اور شویش سمیت دیگر اہلِ خانہ سے ملاقات کی، ان کی خیریت دریافت کی اور ان کے صبر و استقامت کی تعریف کی۔ اس موقع پر انہوں نے اہلِ خانہ کو یقین دلایا کہ ملک اپنے بہادر سپاہیوں اور ان کے خاندانوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گا۔ راجناتھ سنگھ نے کہا کہ وطن کی حفاظت کے لیے اپنی جان نچھاور کرنے والے جوان قوم کا فخر ہیں اور ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔

## ڈی آئی جی کا اننت ناگ میں جرائم اور یو اے پی اے کیسز کا جائزہ

یو این آئی// ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس، ساؤتھ کشمیر رینج، جاوید اقبال متو نے پیر کے روز اننت ناگ میں جرائم اور یو اے پی اے سے متعلق مقدمات کا جائزہ لینے کے لیے ایک میٹنگ کی صدارت کی اور افسران کو ہدایت دی کہ انٹیلیجنس جمع کرنے کے نظام کو مضبوط بنایا جائے اور حساس معاملات میں بروقت کارروائی یقینی بنائی جائے۔ میٹنگ میں ایس ایس پی اننت ناگ اموداشوک ناگپورے، ایس پی نارتھ کیمپ عیش مقام رمیز راجہ اور دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔ پولیس کے ایک ترجمان کے مطابق، اجلاس کے دوران جرائم اور یو اے پی اے کیسز میں جاری تحقیقات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈی آئی جی نے مقدمات کو جلد نمٹانے، قانونی طریقہ کار پر عمل کرنے اور تحقیقات کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے پر زور دیا۔ انہوں نے فیلڈ افسران کے درمیان بہتر تال میل اور جرائم و ملک دشمن سرگرمیوں کی روک تھام کے لیے مؤثر پولیسنگ کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے مزید ہدایت دی کہ انٹیلیجنس نظام کو مزید مضبوط بنایا جائے اور حساس مقدمات میں بروقت پیش رفت یقینی بنائی جائے۔

## آبنائے ہرمز کے معاملے میں چین کی ایران کی کھل کر حمایت

بیجنگ/ یو این آئی/ چینی وزیر دفاع ایڈمرل ڈونگ جن نے کہا ہے کہ چین کے بحری جہاز آبنائے ہرمز کے آر پار آ جا رہے ہیں، ایران کے ساتھ چین کے تجارتی اور توانائی کے معاہدے ہیں، جن کا ہم احترام کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ دوسروں سے بھی توقع ہے کہ وہ ہمارے معاملات میں دخل اندازی نہ کریں، آبنائے ہرمز کو ایران کنٹرول کرتا ہے اور وہ ہمارے لیے کھلا ہے۔ ٹرمپ چینی وزیر دفاع نے مزید کہا کہ ہمارا ملک دنیا میں امن و استحکام میں سنجیدہ ہے اور مشرقِ وسطیٰ کی صورتِ حال کو مسلسل مانیٹر کر رہے ہیں۔ دوسری جانب آبنائے ہرمز کے معاملے پر امریکا کی ممکنہ بحری ناکہ بندی کی دھمکی پر ترجمان چینی وزارتِ خارجہ نے ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ فریقین تحمل اور ضبط کا مظاہرہ کریں۔

## پلوامہ اور سوپور میں 4 منشیات فروش گرفتار بھاری مقدار میں ممنوعہ مادہ برآمد

یقین دلایا کہ جموں و کشمیر حکومت ان کے کام میں مکمل تعاون فراہم کرے گی اور ایسی سفارشات پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے گا جو توانائی کے شعبے کو مزید مضبوط بنانے میں مددگار ثابت ہوں۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ یہ مطالعاتی گروپ پارلیمانی قائمہ کمیٹی برائے توانائی کا حصہ ہے، جو وزارتِ بجلی اور اس سے متعلقہ شعبوں کے امور کا جائزہ لینے کی ذمہ دار ہے۔ اس موقع پر گلمرگ کے رکن اسمبلی پیرزادہ فاروق احمد شاہ بھی موجود تھے۔

102
کے ملازمین کے وفد نے وزیر موصوف کی توجہ اپنی اعزازیہ میں اضافے کے مطالبے کی طرف مبذول کی۔ اسی دوران جے جے ایم کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے مختلف آبی فراہمی منصوبوں کے تحت انجام دیے گئے کاموں کی ادائیگیوں میں تاخیر کا مسئلہ اُٹھایا۔ وزیر نے تمام وفود اور افراد بغور سنا اور اٹھائے گئے مسائل کی اہمیت کو تسلیم کیا۔ انہوں نے انہیں یقین دلایا کہ ان کے جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا اور متعلقہ حکام کو موقعہ پر ہی فوری اور وقت مقررہ میں حل کے لئے ہدایات جاری کیں۔

103
وزیر اعلیٰ نے جامع ترقی کے لئے حکومت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر امبیڈکر کو حقیقی خراج عقیدت ان کے سماجی انصاف کے وژن کو برقرار رکھنے اور سب کے لئے مساوی مواقع کو یقینی بنانے میں مضمر ہے۔

104
کریں۔ ڈائریکٹر نے فاتحین کو اسناد اور یادگاری تحائف پیش کیے اور منشیات کے خلاف بیداری پھیلانے میں ان کی خدمات کو سراہا۔ واضح رہے کہ اس مقابلے میں جموں و کشمیر بھر سے 3600 سے زائد اندراجات موصول ہوئے۔ نعرہ نویسی کے مقابلے میں دیوان دیوی پبلک اسکول کی سنیہا دیوی نے کامیابی حاصل کی جبکہ پوسٹر سازی کے مقابلے میں ادھم پور کی پریا راٹھور نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ تقریب میں اطلاعاتی افسران مہیر ٹھاکر اور اکا مشرا بھی موجود تھیں۔

105
عارف راجہ نے یقین دلایا کہ ضلع یونٹ تمام ہدایات پر عمل کرے گا جبکہ غلام حسن راتھر نے کہا کہ کارکنان کی مشترکہ کوششوں سے گاندربل میں پارٹی مزید مضبوط ہوگی۔

106
ہوئے کیا۔ اس دوران انہوں نے لوگوں کے مسائل و مشکلات سنے اور موقعے پر ہی متعلقہ حکام کیساتھ رابطہ کر کے ان کا سدباب کرانے کی ہدایت کی۔ چوودھری محمد رمضان نے کہا کہ نیشنل کانفرنس کی حکومت، نیشنل کانفرنس کے راجیہ سبھا ممبران، لوک سبھا ممبران، وزراء، ممبران اسمبلی، عہدیداران اور کارکنان ہمیشہ عوام کیلئے وقف ہیں اور لوگوں کی بے لوث خدمت کرنا نیشنل کانفرنس کا بنیادی ایجنڈا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام ہی طاقت کا سرچشمہ ہے اور سرداری عوام کا ہے اور نیشنل کانفرنس کی عمر عبداللہ والی حکومت اسی اصول پر چٹان کی طرح قائم رہ کر لوگوں کی فلاح و بہبود کیلئے کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ عمر عبداللہ حکومت نے گذشتہ ڈیڑھ سال کے دوران عوامی فلاح و بہبود کیلئے کئی اہم اقدامات کئے ہیں، جن کے مثبت اثرات زمینی سطح پر نمایاں ہو رہے ہیں۔ حکومت کی کارکردگی قابل ستائش ہے اور اس نے عوامی مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ اور نتیجہ خیز کوششیں کی ہیں۔ گذشتہ ڈیڑھ سال کے دوران حکومت نے پسماندہ اور پچھڑے ہوئے طبقوں کی زندگی بہتر بنانے کی سمت میں قابل تعریف کام انجام دیا۔ انہوں نے کہا کہ آنے والے وقت میں حکومت اپنی عوام دوست اور عوامی راحت کی پالیسی جاری رکھے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ نیشنل کانفرنس جموں و کشمیر کے عوام کے حقوق اور ریاستی درجہ کی بحالی کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی اور اس مقصد کے حصول کیلئے ہر ممکن جمہوری اور آئینی راستہ اختیار کیا جائے گا۔ چودھری محمد رمضان نے پارٹی کارکنوں اور عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ آنے والے پنچایتی اور بلدیاتی انتخابات کیلئے ابھی سے منظم انداز میں تیاری شروع کریں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے ساتھ مضبوط رابطہ قائم رکھنا اور ان کے مسائل کو اجاگر کرنا پارٹی کی اولین ترجیح ہونی چاہئے تاکہ نیشنل کانفرنس اپنی عوامی نمائندگی کو مزید مضبوط بنا سکے۔ اس موقعے پر پارٹی کے ترجمان اعلیٰ و ایم ایل اے زیڈی بل تنویر صادق، خواتین ونگ صدر و ایم ایل اے حبہ کدل ایڈوکیٹ شمیمہ فردوس، وسطی زون صدر و ایم ایل اے چاڈورہ علی محمد ڈار، نائب صدر صوبہ و ایم ایل اے لالچوک احسان پردیسی، ضلع صدر سرینگر پیر آفاق احمد، خواتین ونگ صدر صبیہ قادری، صوبائی یوتھ صدر مشتاق میر اور دیگر عہدیداران بھی موجود تھے۔

107
معاشرے کی تعمیر کے لئے رہنما قوت قرار دیا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ اہم مواقع اتحاد کے رشتوں کو مزید مضبوط کریں گے اور لوگوں کو معاشرے کی فلاح و بہبود اور ترقی کے لئے مشترکہ طور پر کام کرنے کی ترغیب دیں گے۔ ادھر وزیر برائے صحت وطبی تعلیم، سماجی بہبود اور تعلیم سکینہ ایتو نے آج جموں و کشمیر کے لوگوں کو بیساکھی کے موقعہ پر دلی مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ بیساکھی کا تہوار ہمارے ملک کی خوشحالی، ترقی اور بھرپور ثقافتی ورثے کی علامت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ تہوار باہمی یکجہتی، شکرگزاری اور امید کے جذبے کی عکاسی کرتا ہے اور لوگوں کو معاشرے میں امن، ترقی اور ہم آہنگی کے لئے اجتماعی طور پر کام کرنے کی تحریک دیتا ہے۔ وزیر موصوف نے پورے جموں و کشمیر کے امن، ترقی اور خوشحالی کے لئے بھی دعا بھی کی۔

108
بھی دورہ کیا، جہاں انہوں نے فٹ بال کے نوجوان کھلاڑیوں سے بات چیت کی اور انہیں لگن اور نظم و ضبط کے ساتھ کھیلوں کو آگے بڑھانے کی ترغیب دی۔ وزیر نے ریاسی میں مدر اینڈ چائلڈ ہسپتال کا بھی معائنہ کیا، جہاں انہوں نے صحت کی سہولیات اور ادارے کے کام کاج کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ڈاکٹروں، عملے اور مریضوں کے ساتھ بات چیت کی، عوامی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے موثر خدمات کی فراہمی، مریضوں کی بہتر دیکھ بھال اور صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔

109
کہ وہ محکمہ سکولی تعلیم کے ساتھ تفصیلی مشاورت کریں اور زمینی سطح سے تمام پہلوؤں کو مدنظر رکھ کر ان اقدامات کو حتمی شکل دیں۔ انہوں نے طلبا کو مستقبل کی تکنیکی ترقیات کے لئے تیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا اور دونوں ڈائریکٹروں کو ہدایت دی کہ سرکاری سکولوں میں ایک منظم اور عمر کے مطابق نصاب کے ذریعے آرٹیفیشل انٹلی جنس کی بنیادی تعلیم متعارف کرنے کے امکانات تلاش کئے جائیں۔ وزیر تعلیم نے محکمہ سکولی تعلیم کے موجودہ پلیٹ فارموں جیسے سمارٹ کلاس روموں اور اٹل ٹنکرنگ لیبز کا جائزہ لینے اور انہیں ان مجوزہ اقدامات کے ساتھ مربوط کرنے پر بھی زور دیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تجرباتی سیکھنے کو فروغ دینا اور طلبا؟ اختراعیت پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایسے اقدامات نوجوان طلبا کو مقامی مسائل کے حل کے لئے ٹیکنالوجی پر مبنی حل تیار کرنے کے قابل بنائیں گے اور جموں و کشمیر میں مستقبل کے تقاضوں کے مطابق تیار افرادی قوت کی تشکیل میں مدد کریں گی۔ وزیر سکینہ ایتو نے تعلیم میں شمولیت کی اہمیت کو اُجاگر کرتے ہوئے ہدایت دی کہ اے آئی سے متعلق تعلیمی مواد کو علاقائی زبانوں میں بھی دستیاب بنایا جائے تاکہ تمام اضلاع بالخصوص دوردراز اور پسماندہ علاقوں کے طلبا کو یکساں تعلیمی مواقع فراہم کئے جا سکیں۔ انہوں نے صحت شعبے کے لئے مجوزہ اقدامات کا جائزہ لیتے ہوئے جموں و کشمیر میں ایک شفاف، موثر اور جوابدہ صحت نظام قائم کرنے کے لئے جدید ٹیکنالوجی اپنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے محکمہ صحت کو ہدایت دی کہ وہ ہیلتھ کیئر گورننس کو مضبوط بنانے اور خدمات کی فراہم کو بڑھانے کے لئے مجوزہ اے آئی پر مبنی اقدامات کا جائزہ لیں۔ وزیر صحت نے اے بی۔ پی ایم جے اے وائی/ صحت سکیموں میں دھوکہ دہی کی نشاندہی کے لئے آرٹیفیشل انٹلی جنس کے استعمال پر زور دیا اور کہا کہ مضبوط نگرانی کا نظام قائم کیا جائے تاکہ عوامی فنڈز کا شفاف استعمال یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے ہسپتالوں کے نظام کو بہتر بنانے کے لئے اے آئی کے ذریعے بیڈ مینجمنٹ، عملے کی منصوبہ بندی، ایمبولینس کی تعیناتی اور انفراسٹرکچر کے موثر استعمال جیسے اقدامات پر غور وخوض کرنے کی ہدایت دی تاکہ مریضوں کی نگہداشت اور انتظامی کارکردگی میں بہتری لائی جا سکے۔ وزیر صحت نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ آئی آئی ٹی جموں کے ساتھ قریبی تال میل کے ساتھ کام کریں تاکہ مجوزہ اقدامات کو مرحلہ وار انجام دینے کے لئے حکومت کی ترجیحات کے ساتھ ایک جامع روڈ میپ اور عمل آوری کی حکمت عملی تیار کی جا سکے۔ انہوں نے حکومت کے جدیدیت اور اختراع پر مبنی طرز حکمرانی کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم اور صحت شعبوں میں آرٹیفیشل انٹلی جنس (اے آئی) کا استعمال جموں و کشمیر میں ایک ٹیکنالوجی سے بااختیار اور عوامی خدمت پر مبنی نظام کی تشکیل میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ دوران میٹنگ آئی آئی ٹی جموں کی ٹیم نے اپنے انسٹی ٹیوٹ انکیوبیشن اینڈ انوویشن کونسل (I3سی) اور عمل درآمد پارٹنر انفولیبز لمیٹڈ کے اشتراک سے سرکاری سکولوں اور ہیلتھ کیئر گورننس میں اے آئی پر مبنی اقدامات کے انضمام کے لئے تفصیلی تجاویز پیش کیں۔

110
نائب وزیر اعلیٰ نے جموں کے گاؤں سکندر پور بستا میں سکھ ساگر بھون آشرم کا بھی دورہ کیا اور ع مندر میں پوجا کی۔

# باقیات: صفحہ اول سے آگے

### بقیہ نمبر 1

اور پوسٹ مارٹم کے لیے قریبی اسپتال منتقل کیا گیا ہے تاکہ موت کی وجوہات کا تعین کیا جا سکے۔ ادھر، مقامی لوگوں نے اس واقعے پر گہری فکر و تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ حقیقت کو جلد از جلد بے نقاب کیا جائے اور اگر اس میں کسی قسم کی مجرمانہ سرگرمی ملوث ہے تو ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔

### بقیہ نمبر 2

حادثے کے بعد عام لوگوں سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ دریاؤں، نالوں اور دیگر پانی کے ذخائر کے قریب انتہائی احتیاط برتیں۔

### بقیہ نمبر 3

اور انہیں ہماری مدد اور تعاون کی ضرورت ہے۔'' اُنہوں نے مؤثر، قابل رسائی اور انسان دوست بحالی مراکز کی ضرورت پر زور دیا جہاں زندگی دوبارہ سنواری جا سکیں۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا، ''ہم سمگلروں اور مجرموں کے خلاف سخت کارروائی کریں گے لیکن جو لوگ اس دلدل میں پھنسے ہیں انہیں ہمدردی اور رحم کی ضرورت ہے۔ اگر کوئی نوجوان بھٹک جائے تو ہمیں اس کی بحالی میں مدد کرنی چاہیے۔'' اُنہوں نے پولیس حکام کو ہدایت دی کہ وہ تمام پولیس سٹیشنوں میں 'ٹاپ ڈرگ پیڈلرز' کی فہرستیں تیار کریں اور 30 دن کے اندر منشیات کے نیٹ ورک کو ختم کرنے کے لئے فیصلہ کن کارروائی کریں۔ منوج سنہا نے پولیس کو ہدایت دی کہ منشیات کے گروہوں کے مکمل خاتمے کے لئے ہدفی اور وقت مقررہ حکمت عملی اپنائی جائے۔ اُنہوں نے منشیات کے نیٹ ورکس کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ حال ہی میں جاری کئے گئے نئے معیاری عملی طریقہ کار کے تحت سمگلروں کے پاسپورٹ، ڈرائیونگ لائسنس، آدھار کارڈ اور اسلحہ لائسنس منسوخ کر دیئے جائیں گے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا، ''این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت ہم تمام منقولہ و غیر منقولہ جائیداد ضبط کریں گے، بینک اکاؤنٹس منجمد کریں گے اور مکمل مالی تحقیقات کریں گے۔ میں جموں و کشمیر کے عوام کو یقین دلاتا ہوں کہ کوئی بھی مجرم انصاف سے نہیں بچ سکے گا۔'' اُنہوں نے خواتین کے سیلف ہیلپ گروپوں سے اپیل کی کہ وہ منشیات کے استعمال کی نگرانی کے لئے وومن ویجی لنس سکارڈ تشکیل دیں اور اپنے علاقوں کی سرگرمیوں سے اعلیٰ حکام کو آگاہ کریں۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا، ''لوگ کہتے ہیں کہ یہ میرا مسئلہ نہیں ہے۔ اس سوچ کو بدلنا ہوگا۔ ہمیں یاد رکھنا چاہیے کہ حقیقی خوشحالی صرف دولت سے نہیں بلکہ بیدار اور اجتماعی عزم سے حاصل ہوتی ہے۔'' اُنہوں نے مزید کہا کہ حکومت اور معاشرے کو نگرانی، منشیات مخالف مہم کو فروغ دینے اور نشہ سے پاک دیہات اور شہر بنانے کے لئے متحد ہونا ہوگا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ جو نوجوان زندگی کا مقصد سمجھ لیتا ہے وہ منشیات کے خلاف ہماری سب سے بڑی طاقت بن جاتا ہے۔ اُنہوں نے این جی اوز اور سماجی کارکنوں کو زمینی سطح پر سرگرمیاں تیز کرنے اور فیڈ بیک فراہم کرنے کی ذمہ داری سونپی۔ اس موقعہ پر لیفٹیننٹ گورنر نے 'انسداد منشیات عہد' بھی دلوایا اور نشہ مکت جموں و کشمیر ترانہ جاری کیا۔ اس تقریب میں ڈی آئی پی آر کی جانب سے بیداری ویڈیوز پیش کی گئیں جبکہ معروف فن کاروں اور طلباء نے نکڑ ناٹک، ثقافتی پروگرام، گیت اور شاعری کے ذریعے عوام کو منشیات کے خلاف بیدار کیا۔

### بقیہ نمبر 4

کہا کہ ملک بھر کی خواتین اسمبلیوں اور لوک سبھا تک پہنچنے کی اپنی خواہشات کا اظہار کر رہی ہیں۔ ان کے خوابوں کو نئی پرواز ملی ہے اور ملک میں ایک مثبت ماحول پیدا ہوا ہے۔ وزیر اعظم نے تمام خواتین سے اس پورے عمل میں فعال شرکت برقرار رکھنے اور اپنے اراکین پارلیمنٹ سے مل کر اپنے خیالات اور توقعات شیئر کرنے کی اپیل کی۔ وزیر اعظم نے جدوجہد آزادی سے لے کر دستور ساز اسمبلی تک خواتین کے تعاون کا ذکر کرتے ہوئے آزاد ہندوستان کی بنیاد رکھنے میں ناری شکتی کے لامحدود کردار پر روشنی ڈالی۔ خواتین نے ملک کے لیے ہر شعبے میں بہترین کام کیا ہے اور ملک میں صدر جمہوریہ سے لے کر وزیر خزانہ تک، خواتین اتنے اہم عہدوں پر فائز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صدر سے لے کر وزیر اعظم تک، جہاں بھی خواتین رہی ہیں، انہوں نے اپنی ایک الگ پہچان بنائی ہے۔ مسٹر مودی نے پنچایتی راج اداروں کو خواتین کی قیادت کی بہترین مثال قرار دیتے ہوئے کہا کہ سیاست اور سماجی زندگی میں لاکھوں خواتین کی یہ فعال شرکت دنیا کے صف اول کے رہنماؤں اور سیاسی ماہرین کو بھی حیران کرتی ہے اور ہندوستان کے فخر میں اضافہ کرتی ہے۔ وزیر اعظم نے زور دے کر کہا کہ مقامی اداروں میں برسوں سے کام کرنے والی لاکھوں خواتین کے پاس وسیع تجربہ ہے اور وہ بڑے کردار ادا کرنے کے لیے تیار اور بے تاب ہیں۔ ناری شکتی وندن ادھینیم کا نفاذ ان تمام خواتین کی زندگی میں ایک بڑا موقع ثابت ہوگا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پنچایت سے پارلیمنٹ تک کا سفر آسان ہونے والا ہے۔ ترقی یافتہ ہندوستان کے سفر میں خواتین کے اہم کردار کا ذکر کرتے ہوئے، وزیر اعظم نے اطمینان کا اظہار کیا کہ ان کی حکومت نے 2014 سے خواتین کے دورِ حیات کے ہر مرحلے کے لیے اسکیمیں بنائی ہیں۔ خواتین کی معاشی شرکت بڑھانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ہر فیصلے اور منصوبے میں خواتین کو بااختیار بنانے کو ترجیح دی گئی ہے جس کے نتیجے میں خواتین معاشی طور پر زیادہ مضبوط ہوئی ہیں۔ وزیر اعظم نے اسٹارٹ اپ انقلاب میں خواتین کی قیادت پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ رجسٹرڈ اسٹارٹ اپس میں سے 45 فیصد سے زیادہ میں کم از کم ایک خاتون ڈائریکٹر کے طور پر کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ برسوں پہلے شروع کیے گئے 'اسکل انڈیا مشن' کے نتائج اب ہزاروں 'ڈرون دیدیوں' کے ذریعے نظر آ رہے ہیں، جو ٹیکنالوجی کے ذریعے جدید کاشتکاری سکھا کر زراعت میں انقلاب لا رہی ہیں۔ مسٹر مودی نے کہا کہ خواتین کے گرد مرکوز ترقی کے وژن نے پرانی سوچ کو چیلنج کیا ہے اور خواتین آج ان شعبوں میں بھی بلندیوں کو چھو رہی ہیں جنہیں کبھی مردوں کا گڑھ سمجھا جاتا تھا۔ ہندوستانی بیٹیاں لڑاکا پائلٹ بن رہی ہیں اور آسمان کو چھو رہی ہیں۔ مسٹر مودی نے کہا کہ دنیا کے کسی بھی ملک کے مقابلے ہندوستان میں خاتون پائلٹوں کا تناسب سب سے زیادہ ہے۔ مسٹر مودی نے ملک کی ہر ماں، بہن اور بیٹی کو یقین دلایا کہ قوم ان کی خواہشات کو سمجھتی ہے اور ان کے خوابوں کو شرمندہ تعبیر کرنے کے لیے ہر ضروری قدم اٹھا رہی ہے۔ ملک کی ناری شکتی نے محنت، ہمت اور خود اعتمادی کے بل بوتے پر نئی بلندیوں کو چھوا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہمیں اجتماعی طور پر اس طاقت کو نئی توانائی فراہم کرنی چاہیے اور ان کے لیے مواقع کو وسعت دینی چاہیے۔ وزیر اعظم نے ایک خصوصی اپیل کے ذریعے خواتین سے کہا کہ وہ ناری شکتی وندن پروگرام کے چرچے کو ذاتی ملاقاتوں اور سوشل میڈیا کے ذریعے ملک کے ہر گاؤں تک پہنچائیں۔ ملک کو اس اہم فیصلے کے بارے میں ہر خاتون کو آگاہ کرنا ہوگا تاکہ وہ اس کی طاقت کو سمجھ سکیں، اپنے کردار کو جان سکیں اور آنے والے وقت میں ریاستوں سے لے کر ملک کی پارلیمنٹ تک اپنی موجودگی درج کرانے کا واضح خواب دیکھ سکیں۔ انہوں نے فیصلہ سازی کے عمل میں خواتین کی شرکت کو روشن مستقبل کی ضمانت قرار دیتے ہوئے کہا کہ آیئے ہم سب مل کر یہ عہد کریں کہ ناری شکتی کو ان کے حقوق حاصل ہوں اور وہ فیصلہ سازی کے عمل میں مکمل شراکت دار بنیں، یہی ہمارے روشن مستقبل کی سب سے بڑی ضمانت ہے۔ یو این آئی

### بقیہ نمبر 5

اس بات پر زور دیا کہ ایسے مواقع بھائی چارے کے بندھن کو مضبوط کرتے ہیں اور معاشرے میں اتحاد اور شمولیت کی اقدار کو تقویت دیتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے اُمید ظاہر کی کہ یہ تہوار ہر گھر میں امن، خوشی اور خوشحالی لائے گا اور کسان کمیونٹی کی فلاح و بہبود کے لئے دعا کی جن کی محنت علاقے کی معیشت کو برقرار رکھتی ہے۔

### بقیہ نمبر 6

جمہوریت میں اخلاف رائے لازمی ہے، نظریات کا تبادلہ ہوسکتا ہے اور نظریاتی اختلافات ملک کی ترقی اور خارجہ و قومی پالیسی کیلئے بھی انتہائی لازمی ہے تاہم اس پر سیاست کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ پارلیمانی امور کے وزیر نے کہا کہ ہم امید کرتے ہیں کہ کانگریس خواتین ریزرویشن بل کی ترمیم میں حکومت کا ساتھ دے گی اور کانگریس نے خود اس بل کو ایوان میں پیش کرنے اور ملک کی خواتین کو 33 فیصد ریزرویشن دینے میں آمادگی ظاہر کی تھی اور کانگریس اپنے وعدے کو عملی جامہ پہنائیں گی۔

### بقیہ نمبر 7

خارجہ سیکریٹری نے چینی حکام کی اس کارروائی کو افسوس ناک، بین الاقوامی قوانین کے منافی قرار دیتے ہوئے کہا کہ چین دونوں ممالک کے مابین کشیدگی، تناؤ کو پھر سے قائم کرنے کے درپے ہیں تاہم بھارت دونوں ممالک کے مابین تعلقات کو مضبوط و مستحکم بنانے کے ارادے پر چٹان کی طرح ڈٹا ہوا ہے اور چین کی ان کارروائیوں کو سختی کے ساتھ مسترد کرتا ہے جس سے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات متاثر ہوں۔

### بقیہ نمبر 8

کے ذریعہ خالصہ پنتھ کی تاریخی بنیاد کی بھی نشاندہی کرتی ہے، جس نے لوگوں اور برادری کو بااختیار بنایا۔ جیسا کہ ہم بیساکھی مناتے ہیں، آیئے اپنے آپ کو گرو گوبند سنگھ جی کی راستبازی، اتحاد، عقیدت اور انسانیت کی بے لوث خدمت کی لازوال تعلیمات کے حوالے کر دیں۔ دعا ہے کہ یہ تہوار آنے والے سال میں سب کیلئے خوشحالی اور خوشی لائے۔''

### بقیہ نمبر 9

دورے بھی کیا، جس میں اکثر حملے ہوتے رہے لیکن کوئی جواب نہیں ملا۔ سشکت بھارت کے موجودہ دور کی تعریف کرتے ہوئے وزیر داخلہ امیت شاہ نے میٹرو ونیٹ ورکس کے ذریعے غربت، خلائی ٹیکنالوجی، تعلیم، ہوابازی، نوجوانوں کے لیے مواقع، کمپیوٹر پر مبنی ہنرمندی اور شہری نقل و حرکت کو کم کرنے میں قوم کی طرف سے کی گئی پیش رفت پر روشنی ڈالی۔ شاہ نے کہا کہ وزیر اعظم مودی کے دور میں ملک میں داخلی سلامتی بھی بہتر ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا'' پہلے، 11 اضلاع ماؤنواز سے متاثر تھے، لیکن آج بائیں بازو کی انتہا پسندی صرف تین اضلاع میں موجود ہے''۔ انہوں نے کہا'' میرے الفاظ پر نشان لگائیں، 21 مارچ 2026 تک ملک سے ماؤازم کا خاتمہ ہو جائے گا۔'' نریندر مودی کے تحت معیشت کی ترقی پر روشنی ڈالتے ہوئے امیت شاہ نے کہا'' سال 2027 تک، ملک تیسری سب سے بڑی معیشت بن جائے گا۔ جب وزیر اعظم مودی نے چارج سنبھالا، ہماری معیشت 11 سب سے بڑی تھی۔'' شاہ نے غیر جانبدارانہ سماجی ترقی کیلئے وزیر اعظم مودی کے ویژن پر بھی روشنی ڈالی اور کہا کہ پچھلے 11 سالوں میں 25 کروڑ لوگ غربت سے نکلے ہیں، کروڑوں لوگوں کو کھانا پکانے کے گیس سلنڈر، مفت راشن، 5 لاکھ روپے تک کا مفت علاج، اور کسانوں کو ہر سال 6000 روپے ملنے لگے ہیں۔ ریاست میں سماج وادی پارٹی کی زیر قیادت پچھلی حکومت کو نشانہ بناتے ہوئے وزیر داخلہ نے کہا کہ 2017 سے پہلے یوپی میں امن و امان کی صورتحال مسلسل بگڑ رہی تھی، لیکن یوگی آدتیہ ناتھ کی قیادت والی بی جے پی حکومت کے تحت ریاستی پولس بہتری اور بحالی کے راستے پر واپس آئی ہے۔

### بقیہ نمبر 10

اور 10 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی۔ اس کیس کی پیروی اے سی بی سرینگر کی جانب سے سینئر پروسیکیوٹنگ آفیسر وجاہت جمیل نے کی۔ محکمے نے کہا کہ یہ کارروائی سرکاری محکموں میں بدعنوانی کے خلاف سخت مؤقف اور زیرو ٹالرینس پالیسی کی عکاسی کرتی ہے۔

### بقیہ نمبر 11

"گہری جڑوں والی دوستی، مشترکہ اقدار اور پائیدار باہمی احترام کے بندھن میں بندھے ہوئے ہیں۔ "وزیر اعظم نے مستقبل کے تعاون کے حوالے سے پرامیدی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ دوطرفہ روابط کو مزید مستحکم کرنے کے لیے پیٹر ماگیار کے ساتھ مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں۔

### بقیہ نمبر 12

کے سینئر افسران موقع پر پہنچ گئے اور طالبات کو پُرسکون کرنے کی کوشش کی۔ سوپور کے سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس، افتخار طالب نے کہا کہ ایک مقدمہ درج کر لیا گیا ہے اور تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔ اس واقعے کے پیش نظر حکام نے سوپور کے تین تعلیمی اداروں میں ہفتہ تک کلاس ورک معطل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

### بقیہ نمبر 13

اننت ناگ سے جموں کے راستے گجرات منشیات پہنچا رہا تھا۔ تجارتی مقدار ہونے کی وجہ سے این ڈی پی ایس ایکٹ کی دفعہ 37 کے تحت ضمانت سختی سے محدود ہے۔ ملزم تقریباً پانچ سال سے جیل میں ہے اور استغاثہ اس مدت میں صرف چھ گواہوں کے بیانات پیش کر سکا۔ مقدمے میں استغاثہ کی شہادت مکمل ہو چکی تھی، ملزم کا بیان بھی ریکارڈ کر لیا گیا تھا اور کیس حتمی دلائل کے لیے مقرر تھا۔ لیکن اسی دوران شریک ملزم غلام محی الدین شاہ کے خلاف ضمنی شکایت سامنے آئی، جس کی بنیاد پر ٹرائل کورٹ نے کارروائی روک دی۔ ہائی کورٹ نے اس اقدام کو غیر معقول تاخیر قرار دیتے ہوئے کہا کہ اگر قانون اجازت دیتا ہے تو مرکزی مقدمے کا الگ ٹرائل جاری رکھا جا سکتا ہے، اور اسے بغیر سوچے سمجھے مؤخر کرنا درست نہیں۔ ضمانت تو مسترد کر دی گئی، تاہم عدالت نے ٹرائل کورٹ کو سخت ہدایات جاری کیں: 15 دن کے اندر فیصلہ کیا جائے کہ مرکزی مقدمہ الگ طور پر چلایا جا سکتا ہے یا نہیں۔ 30 دن کے اندر شریک ملزم کے خلاف ضمنی کیس میں چارج یا ڈسچارج کا فیصلہ کیا جائے۔ اگر ٹرائل کورٹ پھر بھی کارروائی مؤخر کرتی ہے تو ملزم دوبارہ ضمانت کے لیے رجوع کر سکتا ہے۔ عدالت نے یاد دلایا کہ این ڈی پی ایس ایکٹ میں مقدمات کی تاخیر نہ صرف ملزم کے حقوق متاثر کرتی ہے بلکہ انصاف کے نظام پر بھی سوال کھڑے کرتی ہے، اس لیے ایسے کیسوں کا فوری اور مؤثر حل ضروری ہے۔

### بقیہ نمبر 14

اختتام ہو جائے گا۔ واضح رہے کہ ایشیا کے سب سے بڑے ٹیولپ گارڈن میں اس سال ہزاروں کی تعداد میں سیاحوں اور مقامی لوگوں نے آمد کی، اور دنیا بھر کی مختلف اقسام کے ٹیولپس کی نمائش نے وادی کی خوبصورتی میں مزید اضافہ کیا۔ محکمہ نے عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اگلے سال مزید بہتر اور نئے رنگوں کے ساتھ ٹیولپ شو پیش کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

# سپورٹس ٹائمز

**Sports Times**






# فاتح چنئی کے سامنے کولکتہ کا کڑا امتحان

چنئی۔ ۱۳ اپریل (یو این آئی) انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) ۲۰۲۶ میں کل منگل کے روز پوائنٹس ٹیبل کی دو نچلے درجے کی ٹیموں کے درمیان ایک دلچسپ معرکہ متوقع ہے۔ پانچ بار کی چیمپئن چنئی سپر کنگز جو مسلسل تین شکستوں کے بعد جیت کی راہ پر واپس لوٹ آئی ہے، اپنے ہوم گراؤنڈ پر کولکتہ نائٹ رائڈرز کا سامنا کرے گی۔ کے کے آر کو ٹورنامنٹ میں اب بھی اپنی پہلی جیت کا شدت سے انتظار ہے۔ چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم (چیپک) میں 'ییلو بریگیڈ' کے زبردست تعاون اور ہوم ایڈوانٹیج کی بدولت میزبان ٹیم کا پلڑا بھاری دکھائی دیتا ہے۔ اب تک دونوں ٹیموں کے درمیان ۳۱ میچز کھیلے گئے ہیں، جن میں سے ۲۰ میں چنئی اور ۱۱ میں کولکتہ نے کامیابی حاصل کی۔ اس میدان پر ہونے والے ۱۲ میچوں میں چنئی ۸-۴ سے آگے ہے۔ اگرچہ ۲۰۲۲ سے اب تک دونوں ٹیمیں ۳-۳ کی برابری پر ہیں، لیکن موجودہ سیزن میں چنئی کی پوزیشن بہتر ہے۔ چنئی نے اپنے پچھلے میچ میں دہلی کیپٹلز کو ۲۳ رنز سے شکست دے کر جیت کا کھاتہ کھولا ہے۔ اوپنر سنجو سیمسن کی سنچری اور نوجوان آیوش مہاترے کی نصف سنچری نے ٹیم کے اعتماد میں اضافہ کیا ہے۔ تاہم کپتان رتوراج گائیکواڑ کی خراب فارم (گزشتہ اسکور: ۶، ۲۸، ۷، ۱۵) ٹیم کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ ڈیوالڈ بریوس کی واپسی اور شیوم دوبے کی جارحانہ بیٹنگ سے ٹیم مزید مستحکم ہوئی ہے۔ جیمی اوورٹن (۴ وکٹیں) اور اپنا ڈیبیو کرنے والے گرجپ نیت سنگھ بولنگ کے ستون ثابت ہو رہے ہیں۔ اجنکیا رہانے کی قیادت میں کے کے آر کی شروعات مایوس کن رہی ہے۔ چار میچوں میں سے تین میں شکست اور ایک میچ (پنجاب کنگز کے خلاف) بارش کی نذر ہونے کے باعث اسے صرف ایک پوائنٹ مل سکا ہے۔ کپتان رہانے، انگکرش رگھونشی اور فن ایلن کو اپنی اننگز کو بڑے اسکور میں بدلنا ہوگا۔ لکھنؤ کے خلاف پچھلے میچ میں مضبوط گرفت کے باوجود وبھو اروڑہ کے آخری اوور میں مکیش چودھری کی دھواں دھار بیٹنگ نے کے کے آر سے جیت چھین لی تھی۔ ٹیم مینجمنٹ اب ایک نئے عزم کے ساتھ میدان میں اترنے کے لیے تیار ہے۔

یو این آئی۔م اع

## پانڈیا پر 12 لاکھ روپے جرمانہ

ممبئی، ۱۳ اپریل (یو این آئی) انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) میں رائل چیلنجرز بنگلورو (آر سی بی) کے خلاف کھیلے گئے میچ میں سست اوور ریٹ برقرار رکھنے پر ممبئی انڈینز کے کپتان ہاردک پانڈیا کو جرمانے کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ آئی پی ایل انتظامیہ نے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر ان پر ۱۲ لاکھ روپے جرمانہ عائد کر دیا ہے۔ آئی پی ایل کی جانب سے پیر کو جاری کردہ ایک سرکاری بیان کے مطابق، ہاردک پانڈیا کو آئی پی ایل کے ضابطہ اخلاق کے آرٹیکل ۲.۲۲ کے تحت سست اوور ریٹ کا مرتکب پایا گیا۔ چونکہ رواں سیزن میں ممبئی انڈینز کی ٹیم کا یہ پہلا جرم تھا، اس لیے کم از کم سزا کے طور پر کپتان پر ۱۲ لاکھ روپے کا جرمانہ لگایا گیا ہے۔ واضح رہے کہ اس سنسنی خیز مقابلے میں ممبئی انڈینز کو رائل چیلنجرز بنگلورو کے ہاتھوں ۱۸ رنز سے شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ جہاں ایک طرف ٹیم کو میچ میں ناکامی جھیلنا پڑی، وہیں کپتان پر اس جرمانے نے ٹیم کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔

## کرشنا کا پرپل کیپ پر قبضہ جمالیا



لکھنؤ، ۱۳ اپریل (یو این آئی) گجرات ٹائٹنز کے تیز گیند باز پرسدھ کرشنا نے انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) ۲۰۲۶ میں اپنی شاندار فارم کو برقرار رکھتے ہوئے 'پرپل کیپ' (سب سے زیادہ وکٹیں لینے کا اعزاز) اپنے نام کر لیا ہے۔ لکھنؤ سپر جائنٹس کے خلاف کھیلے گئے حالیہ میچ میں کرشنا نے چار وکٹیں حاصل کر کے یہ سنگ میل عبور کیا۔ ۱۰ اتوار کو لکھنؤ کے خلاف کھیلے گئے میچ میں پرسدھ کرشنا نے اپنی نپی تلی بالنگ سے حریف بلے بازوں کو بے بس کر دیا۔ اس بہترین اسپیل کی بدولت وہ رواں سیزن کے ۴ میچوں میں مجموعی طور پر ۱۰ وکٹیں حاصل کر کے گیند بازوں کی فہرست میں پہلے نمبر پر آ گئے ہیں۔ راجستھان رائلز کے اسپنر روی بشنوئی ۹ وکٹوں کے ساتھ دوسرے جبکہ چنئی سپر کنگز کے انشل کمبوج تیسرے نمبر پر براجمان ہیں۔ لکھنؤ کے پرنس یادو اور بنگلورو کے جیکب ڈفی ۶، ۶ وکٹوں کے ساتھ ٹاپ ۵ میں شامل ہیں۔

# آسٹریلوی اسپرنٹ اسٹار نے یوسین بولٹ کا ریکارڈ توڑ دیا



سڈنی، 13 اپریل (یو این آئی) آسٹریلیا کے 18 سالہ نوجوان ایتھلیٹ گاؤٹ گاؤٹ نے عالمی ایتھلیٹکس میں ہلچل مچا دی ہے۔ سڈنی میں منعقدہ آسٹریلین ایتھلیٹکس چیمپئن شپ کے دوران انہوں نے 200 میٹر کی دوڑ صرف 19.67 سیکنڈز میں مکمل کر کے نیا انڈر20- عالمی ریکارڈ قائم کر دیا ہے۔ گاؤٹ گاؤٹ کی یہ کارکردگی اس لیے بھی غیر معمولی ہے کیونکہ اسی عمر (18 سال) میں دنیا کے عظیم ترین اسپرنٹر یوسین بولٹ نے 200 میٹر کی دوڑ 19.93 سیکنڈز میں مکمل کی تھی۔ گاؤٹ نے نہ صرف بولٹ کو پیچھے چھوڑا بلکہ وہ 20 سیکنڈ کی رکاوٹ عبور کرنے والے پہلے آسٹریلوی بن گئے ہیں۔ گاؤٹ نے امریکی ایتھلیٹ اریون ناٹن کا سابقہ انڈر20- عالمی ریکارڈ توڑ دیا۔ آسٹریلیا کے ہی ایڈن مرفی 19.88 سیکنڈز کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہے؛ یہ رواں سال کے دو تیز ترین اوقات ہیں۔ یہ ریکارڈ 1.7 میٹر فی سیکنڈ کی قانونی ہوا (ٹیل وائنڈ) کی موجودگی میں قائم کیا گیا، جس کا مطلب ہے کہ یہ ریکارڈ باضابطہ طور پر تسلیم شدہ ہے۔ گاؤٹ 29 دسمبر 2007 کو پیدا ہوئے۔ ان کا خاندان 2005 میں جنوبی سوڈان سے ہجرت کر کے آسٹریلیا آیا اور کوئنز لینڈ میں آباد ہوا۔ انہوں نے 13 سال کی عمر میں اسکول کی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوانا شروع کیا اور ان کی کوچ ڈائین شیپرڈ نے ان کے ٹیلنٹ کو نکھارنے میں اہم کردار ادا کیا۔ اپنی شاندار کامیابیوں کے باوجود، گاؤٹ کو ان کی عاجزی اور محنت کی وجہ سے سراہا جاتا ہے۔ کامیابی کے بعد گاؤٹ گاؤٹ نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا "میں اسی لمحے کا انتظار کر رہا تھا۔ میرے ذہن میں 19.75 سیکنڈز کا ہدف تھا، لیکن 19.67 سیکنڈز میں دوڑ مکمل کرنا ناقابل یقین ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ میں نے یہ ریکارڈ قانونی حالات میں قائم کیا اور اب میں مزید بڑی کامیابیوں کے لیے تیار ہوں۔" گاؤٹ گاؤٹ کی اس تاریخی دوڑ نے انہیں 2026 کے ورلڈ کپ اور مستقبل کے اولمپکس کے لیے سب سے مضبوط امیدواروں کی فہرست میں شامل کر دیا ہے۔

یو این آئی۔م اع

## فیفا نے ایران کی درخواست مسترد کردی



میکسیکو سٹی، ۱۳ اپریل (یو این آئی) فیفا نے ایران کی وہ درخواست باضابطہ طور پر مسترد کر دی ہے جس میں ایران نے اپنے ورلڈ کپ میچز امریکہ سے میکسیکو منتقل کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔ میکسیکو کی صدر کلاڈیا شینبوم نے تصدیق کی ہے کہ لاجسٹک مسائل کی وجہ سے میچز کی منتقلی ممکن نہیں۔ ایران کی فٹبال فیڈریشن نے گزشتہ ماہ فیفا سے اپیل کی تھی کہ امریکہ اور اسرائیل کے ساتھ حالیہ کشیدگی اور جنگی صورتحال کے پیش نظر ان کے میچز امریکہ سے باہر منتقل کیے جائیں۔ ایرانی حکام نے کھلاڑیوں کی حفاظت پر تشویش کا اظہار کیا تھا، خاص طور پر سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس بیان کے بعد جس میں انہوں نے ایرانی ٹیم کی سیکیورٹی کے حوالے سے غیر یقینی صورتحال کا ذکر کیا تھا۔ ایرانی وزیر کھیل احمد دنیامالی نے اشارہ دیا تھا کہ اگر میچز منتقل نہ کیے گئے تو ایران کی ورلڈ کپ میں شرکت مشکوک ہو سکتی ہے۔ میکسیکن صدر نے پریس کانفرنس میں واضح کیا کہ "فیفا نے حتمی فیصلہ کیا ہے کہ میچز اپنے اصل مقامات پر ہی ہوں گے۔"

## جینک سنر دوبارہ دنیا کے نمبر 1 کھلاڑی بن گئے



روک بروں کیپ مارٹن، ۱۲ اپریل (یو این آئی) اٹلی کے اسٹار ٹینس کھلاڑی جینک سنر نے اتوار کو اسپین کے کارلوس الکاراز کو اسٹریٹ سیٹس میں شکست دے کر پہلی بار مونٹے کارلو ماسٹرز کا ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ اس شاندار فتح کے ساتھ ہی سنر نے اپنے ہسپانوی حریف سے عالمی نمبر ون کی پوزیشن بھی چھین لی ہے۔ کورٹ رینیئر III پر کھیلے گئے اس فائنل میں ۲۴ سالہ جینک سنر نے الکاراز کو ۶-۳، (۵/۷) ۷-۶ سے شکست دی۔ پہلے سیٹ میں دونوں کھلاڑیوں کے درمیان سخت مقابلہ ہوا جو ٹائی بریکر تک گیا، جہاں سنر نے اعصاب پر قابو پاتے ہوئے کامیابی حاصل کی۔ دوسرے سیٹ میں الکاراز نے ۳-۱ کی برتری حاصل کی تھی، لیکن سنر نے شاندار واپسی کرتے ہوئے مسلسل پانچ گیمز جیتے اور کلے کورٹ پر اپنے کیریئر کا سب سے بڑا ٹائٹل جیت لیا۔ وہ نوواک جوکووچ اور رافیل نڈال کے بعد تیسرے کھلاڑی بن گئے ہیں جنہوں نے لگاتار چار اے ٹی پی ۱۰۰۰ ٹائٹل جیتے ہیں۔ انہوں نے پچھلے ماہ انڈین ویلز اور میامی جیتنے کے بعد اب مونٹی کارلو بھی جیت لیا ہے۔ وہ ۲۰۱۵ میں جوکووچ کے بعد پہلے کھلاڑی ہیں جنہوں نے سیزن کے ابتدائی تینوں اے ٹی پی ۱۰۰۰ ٹورنامنٹس جیتے ہیں۔ اس فتح کے ساتھ جینک سنر پیر کو جاری ہونے والی نئی رینکنگ میں باضابطہ طور پر دوبارہ دنیا کے نمبر ون ٹینس کھلاڑی بن جائیں گے۔

## ورلڈ کپ کیلئے انعامی رقم کا اعلان



دبئی، ۱۳ اپریل (یو این آئی) آئی سی سی ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ ۲۰۲۶ کے لیے انعامی رقم کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ آئی سی سی کا کہنا ہے کہ ایونٹ کی مجموعی انعامی رقم ۸۷ لاکھ ۶۴ ہزار ۶۱۵ ڈالرز کر دی گئی ہے۔ کرکٹ کونسل کے مطابق ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ ۲۰۲۶ کی فاتح ٹیم کو ۲۳ لاکھ ۴۰ ہزار ڈالرز ملیں گے جبکہ رنر اپ ٹیم کو ۱۱ لاکھ ۷۰ ہزار ڈالرز کی رقم دی جائے گی۔ سیمی فائنل ہارنے والی ٹیموں کو ۶ لاکھ ۵۷ ہزار ڈالرز دیے جائیں گے جبکہ گروپ اسٹیج پر میچ جیتنے والی ٹیم کو ۳۱ ہزار ۱۵۴ ڈالرز ملیں گے۔ ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ، ٹورنامنٹ میں شریک ہر ٹیم کو ۲ لاکھ ۷ ہزار ڈالرز ملیں گے۔ خیال رہے کہ ۲۰۲۴ میں ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کی مجموعی انعامی رقم ۷۹ لاکھ ۵۸ ہزار ڈالرز تھی۔ آئی سی سی ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ ۱۲ جون سے انگلینڈ میں کھیلا جائے گا۔

## مسلح ڈاکوؤں کے حملے میں نوجوان فٹ بالر ڈومینک فریم پونگ ہلاک



اکرا (گھانا)، ۱۳ اپریل (یو این آئی) گھانا پریمیئر لیگ کی معروف ٹیم برکم چیلسی کے بس پر ہونے والے مسلح حملے نے پورے ملک کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ اس بزدلانہ کارروائی میں ٹیم کے ۲۰ سالہ ہونہار ونگر ڈومینک فریم پونگ جاں بحق ہو گئے ہیں۔ گھانا فٹ بال ایسوسی ایشن نے اس افسوسناک واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے اسے ملکی فٹ بال کے لیے ایک ناقابل تلافی نقصان قرار دیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق یہ واقعہ اتوار کی شب اس وقت پیش آیا جب ٹیم 'سامارٹیکس' کے خلاف اپنا اوے میچ کھیل کر سامریبوی سے واپس برکم لوٹ رہی تھی۔ گواسو اور بیبیانی کے درمیان مسلح ڈاکوؤں کے ایک گروہ نے سڑک بلاک کر کے بس کو روکنے کی کوشش کی۔ کلب کی جانب سے جاری کردہ بیان میں بتایا گیا ہے کہ "نقاب پوش مسلح افراد نے بس پر اس وقت اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی جب ڈرائیور نے بس کو پیچھے ہٹانے کی کوشش کی۔ اس اچانک حملے کے بعد کھلاڑیوں اور عملے نے اپنی جان بچانے کے لیے قریبی جھاڑیوں میں پناہ لی۔" حملے کے نتیجے میں شدید زخمی ہونے والے ڈومینک فریم پونگ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسے۔ گھانا فٹ بال ایسوسی ایشن نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ ڈومینک ایک نہایت باصلاحیت اور محنتی کھلاڑی تھے۔

## میری لوئیس پہلی خاتون ہیڈ کوچ



برلن، ۱۳ اپریل (یو این آئی) جرمن فٹ بال کلب یونین برلن نے ایک تاریخی قدم اٹھاتے ہوئے میری لوئیس ایٹا کو ٹیم کا مینیجر مقرر کر دیا ہے۔ وہ بنڈس لیگا کی تاریخ میں کسی بھی مردوں کی ٹیم کی پہلی خاتون ہیڈ کوچ بن گئی ہیں۔ ۳۴ سالہ میری لوئیس ایٹا کو اتوار کے روز اسٹیفن باؤمگارٹ کی برطرفی کے بعد سیزن کے بقیہ حصے کے لیے یہ ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ وہ یورپ کی ٹاپ فائیو فٹ بال لیگز میں کسی مردوں کی ٹیم کی قیادت کرنے والی پہلی خاتون کوچ ہیں۔ ایٹا نے ۲۰۲۳ میں بنڈس لیگا کی پہلی خاتون اسسٹنٹ کوچ بن کر تاریخ رقم کی تھی۔ ایٹا نے اپنے ایک بیان میں کہا، "میں خوش ہوں کہ کلب نے مجھ پر بھروسہ کیا اور مجھے اس چیلنجنگ کام کے لیے منتخب کیا۔" یونین برلن کے اسپورٹنگ ڈائریکٹر ہورسٹ ہیلڈٹ کے مطابق، اسٹیفن باؤمگارٹ کو ٹیم کی مسلسل خراب کارکردگی اور گزشتہ روز آخری نمبر پر موجود ہائیڈن ہائیم کے ہاتھوں ۳-۱ کی شکست کے بعد برطرف کیا گیا۔ یونین برلن کرسمس کے بعد سے اب تک صرف دو میچ جیت سکی ہے اور وہ ریلیگیشن (نچلے درجے میں جانے) کے خطرے سے بچنے کے لیے جدوجہد کر رہی ہے۔ ایٹا فی الحال عبوری طور پر یہ ذمہ داری نبھائیں گی، جبکہ موسم گرما سے وہ پہلے سے طے شدہ منصوبے کے تحت یونین برلن کی خواتین کی ٹیم کی ہیڈ کوچ بن جائیں گی۔ بطور کھلاڑی بھی ایٹا کا کیریئر شاندار رہا ہے۔

# رونالڈو کا جادو برقرار، النصر کی فتح یقینی بنادی



ریاض، 13 اپریل (یو این آئی) پرتگال کے لیجنڈری فٹ بالر کرسٹیانو رونالڈو نے رواں سیزن کا اپنا 24 واں لیگ گول اسکور کر کے النصر کو الاخدود کے خلاف 2-0 سے فتح دلا دی۔ اس جیت کے ساتھ ہی النصر نے سعودی پرو لیگ کے پوائنٹس ٹیبل پر اپنی 5 پوائنٹس کی برتری دوبارہ حاصل کر لی ہے۔ النصر نے میچ کا آغاز جارحانہ انداز میں کیا اور میزبان ٹیم پر دباؤ برقرار رکھا۔ میچ کے 15 ویں منٹ میں کنگزلے کومن اور نواف بوشل کے بہترین تال میل کی بدولت رونالڈو کو موقع ملا، جسے انہوں نے گول میں تبدیل کر کے ٹیم کو 1-0 کی برتری دلائی۔ دوسرے ہاف کے آغاز (47 ویں منٹ) میں پرتگالی اسٹار جواؤ فیلکس نے دوسرا گول کر کے النصر کی فتح یقینی بنا دی۔ فیلکس، جو 14 میچوں سے گول کرنے میں ناکام رہے تھے، اب پچھلے دو میچوں میں تین گول کر چکے ہیں۔ سیزن کے صرف 6 میچز باقی ہیں اور ٹائٹل کی دوڑ دلچسپ مرحلے میں داخل ہو گئی ہے: النصر: 73 پوائنٹس (پہلی پوزیشن) الہلال: 68 پوائنٹس (دوسری پوزیشن) الاہلی: 66 پوائنٹس (تیسری پوزیشن) آئندہ چند ہفتوں میں النصر کا مقابلہ الاہلی (28 اپریل) اور الہلال (7 مئی) سے ہونا ہے، جو کہ ممکنہ طور پر لیگ کے فاتح کا فیصلہ کریں گے۔ النجما نے نیوم کو 2-1 سے ہرا کر سیزن کی دوسری فتح حاصل کی، لیکن وہ اب بھی ریلیگیشن کے خطرے میں ہیں۔ الخلود نے التعاون کو 2-1 سے شکست دے کر خود کو ریلیگیشن زون سے 6 پوائنٹس دور کر لیا ہے۔ الحزم نے الفیحاء کو 2-0 سے ہرا کر ٹاپ فلائٹ میں اپنی جگہ تقریباً محفوظ کر لی ہے۔ میچ کے آغاز سے ہی النصر نے جارحانہ کھیل پیش کیا اور حریف ٹیم پر مسلسل دباؤ برقرار رکھا۔ 15 ویں منٹ میں بہترین ٹیم ورک کے نتیجے میں رونالڈو کو موقع ملا جسے انہوں نے ضائع نہ کرتے ہوئے گیند کو جال میں پہنچا دیا اور اپنی ٹیم کو برتری دلا دی۔ دوسرے ہاف کے آغاز میں JoãoFélix نے 47ویں منٹ میں دوسرا گول اسکور کر کے النصر کی جیت کو یقینی بنا دیا۔ فیلکس جو گزشتہ 14 میچوں سے گول کرنے میں ناکام رہے تھے اب مسلسل دو میچوں میں تین گول کر کے فارم میں واپسی کا واضح اشارہ دے رہے ہیں۔ سیزن کے صرف چھ میچ باقی رہ گئے ہیں اور خطاب کی دوڑ انتہائی دلچسپ مرحلے میں داخل ہو چکی ہے جہاں النصر 73 پوائنٹس کے ساتھ سرفہرست ہے جبکہ Al Hilal 68 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے اور Al Ahli 66 پوائنٹس کے ساتھ تیسرے نمبر پر موجود ہے۔ آئندہ دنوں میں النصر کے اہم مقابلے الاہلی اور الہلال کے خلاف ہوں گے جو ٹائٹل کے فیصلے میں کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں۔ دیگر مقابلوں میں AlNajma نے نیوم کو 2-1 سے شکست دے کر سیزن کی دوسری کامیابی حاصل کی۔

# کرکٹ ٹورنامنٹ، نوجوانوں میں منشیات مخالف شعور اجاگر






اننت ناگ 13 اپریل، سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: جموں و کشمیر میں جاری 100 روزہ نشہ مکت مہم کے تحت ضلع انتظامیہ ریاسی نے آج General Zorawar Singh Stadium میں کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا جس کا مقصد نوجوانوں میں کھیلوں کے ساتھ فروغ کے منشیات کے خلاف بیداری پیدا کرنا تھا۔ یہ اقدام محکمہ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس ریاسی کی جانب سے ڈپٹی کمشنر Kumar Abhishek کی رہنمائی میں عمل میں لایا گیا۔ اس ٹورنامنٹ کا مقصد نوجوانوں کو منشیات کے مضر اثرات سے آگاہ کرنا اور انہیں صحت مند اور باوقار طرز زندگی اپنانے کی ترغیب دینا تھا۔ اس موقع پر طلبہ میں ٹیم ورک، نظم و ضبط اور کھیلوں کی روح کو فروغ دینے پر بھی زور دیا گیا۔ مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ نے جوش و خروش کے ساتھ شرکت کی اور ایک منشیات سے پاک معاشرے کے قیام کے عزم کا اعادہ کیا۔ تقریب کے دوران شرکاء کو منشیات سے دور رہنے کا حلف بھی دلایا گیا۔ مقابلوں میں سنسنی خیز میچ دیکھنے کو ملے جہاں ابتدائی مقابلے میں بی ایچ ایس ایس ریاسی نے جی ڈی سی ریاسی کو 57 رنز سے شکست دی جبکہ دوسرے میچ میں آئی ٹی آئی ریاسی نے گورنمنٹ پولی ٹیکنیک کالج ریاسی کو 2 وکٹوں سے ہرایا۔ فائنل میں بی ایچ ایس ایس ریاسی نے آئی ٹی آئی ریاسی کو 6 وکٹوں سے شکست دے کر ٹورنامنٹ کا خطاب اپنے نام کر لیا۔ حکام نے اس بات پر زور دیا کہ اس طرح کی سرگرمیاں نوجوانوں کی توانائی کو مثبت سمت میں موڑنے اور منشیات کے خلاف جدوجہد کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ تقریب مثبت پیغام کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی جس میں فٹنس، نظم و ضبط اور سماجی ذمہ داری کو اجاگر کیا گیا۔ اس موقع پر ارون بکھوترا پرنسپل گورنمنٹ پولی ٹیکنیک کالج ریاسی، راجیش بکھوترا سپرنٹنڈنٹ آئی ٹی آئی ریاسی، دیپک شرما پرنسپل بی ایچ ایس ایس ریاسی اور ترسیم گل ضلع یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس افسر ریاسی سمیت دیگر معززین موجود تھے۔

# جدہ میں فٹ بال کا میلہ سج گیا



ریاض/جدہ 13 اپریل (یو این آئی) مشرق وسطیٰ میں جاری جنگی صورتحال اور فضائی حدود کی بندش کے باعث تعطل کا شکار ہونے والی ایشین چیمپئنز لیگ ایلیٹ بالآخر اپنے فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو گئی ہے۔ ایشین فٹ بال کنفیڈریشن (اے ایف سی) نے بدلتے ہوئے حالات کے پیش نظر ٹورنامنٹ کے ڈھانچے میں اہم تبدیلیاں کرتے ہوئے اب اسے جدہ میں منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایونٹ کا اصل منصوبہ یہ تھا کہ کوارٹر فائنل سے فائنل تک کے تمام میچز ایک مرکزی مقام پر ہوں، لیکن مغربی ایشیا کی ٹیموں کے میچز تاخیر کا شکار ہونے کی وجہ سے اب انہیں جدہ میں سنگل لیگ 'مقابلوں کی صورت میں منعقد کیا جا رہا ہے۔ اس صورتحال سے ایران کی ٹیم 'ٹریکٹر' سب سے زیادہ متاثر ہوئی ہے، جس نے تقریباً 50 دنوں سے کوئی میچ نہیں کھیلا اور حال ہی میں اپنی تربیت دوبارہ شروع کی ہے۔ آج سے شروع ہونے والے ناک آؤٹ مرحلے میں فٹ بال شائقین کو سنسنی خیز مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔ دفاعی چیمپئن الاہلی اپنے ہوم گراؤنڈ پر مہم کا آغاز کرے گی۔ ٹورنامنٹ کی واحد ناقابل شکست ٹیم الہلال 2021 کے بعد ایک بار پھر ٹائٹل جیتنے کے لیے پرعزم ہے۔ کوارٹر فائنلز کا مرحلہ جمعرات سے شروع ہوگا، جہاں پہلے سے کوالیفائی شدہ مشرقی ایشیا کی ٹیمیں مغربی ایشیا کے فاتحین کا انتظار کر رہی ہیں۔ ویسل کوبے (جاپان) کا مقابلہ الاہلی یا الدحیل کے فاتح سے ہوگا، جوہر دارالتعظیم (ملائیشیا) کا مقابلہ الہلال یا السد کے فاتح سے ہوگا۔ ماچیڈا زیلویا (جاپان) اور بوریرام یونائیٹڈ (تھائی لینڈ) بھی میدان میں اتریں گے۔ تاریخی طور پر 2006 سے 2020 تک مشرقی ایشیا کی ٹیموں نے ایشیائی فٹ بال پر حکمرانی کی، لیکن 2021 سے یہ پانسہ پلٹ چکا ہے۔ الہلال، العین اور الاہلی کی حالیہ فتوحات نے ثابت کیا ہے کہ اب پلڑا مغربی ایشیا کی جانب بھاری ہے۔ ماہرین کا خیال ہے کہ جدہ میں ایونٹ کے انعقاد سے مقامی ٹیموں کو اضافی فائدہ ملے گا۔

# خطاب کی جنگ فیصلہ کن مرحلے میں داخل




لندن، ۱۳ اپریل (یو این آئی) انگلش پریمیئر لیگ میں خطاب کی دوڑ ایک بار پھر سنسنی خیز رخ اختیار کر گئی ہے۔ مانچسٹر سٹی نے اسٹیمفورڈ برج میں کھیلے گئے اہم میچ میں چیلسی کو اس کے ہوم گراؤنڈ پر ۳-۰ سے عبرتناک شکست دے کر پوائنٹس ٹیبل پر پہلی پوزیشن پر قابض آرسنل سے فاصلہ مزید کم کر دیا ہے۔ میچ کا پہلا ہاف بغیر کسی گول کے برابر رہا، تاہم دوسرے ہاف میں مانچسٹر سٹی کے کھلاڑیوں نے جارحانہ کھیل پیش کرتے ہوئے محض ۱۷ منٹ کے دوران تین گول داغ کر مقابلہ یکطرفہ کر دیا۔ ۵۱ ویں منٹ میں نیکو اوریلی نے ریان شرکی کے خوبصورت کراس پر شاندار ہیڈر کے ذریعے گیند کو جال کی راہ دکھائی۔ میچ کے ۵۷ ویں منٹ میں سابق چیلسی ڈیفینڈر مارک گوہی نے ایک بار پھر ریان شرکی کی مدد سے گیند کو باٹم کارنر میں پہنچا کر برتری دگنی کر دی۔ ۶۸ ویں منٹ میں جیریمی ڈوکو نے چیلسی کے ڈیفینڈر موسیس کائیسیڈو سے گیند چھین کر ایک زوردار شاٹ کے ذریعے گول کیپر رابرٹ سانچیز کو بے بس کر دیا۔ اس فتح کے بعد مانچسٹر سٹی اب لیگ لیڈر آرسنل سے محض ۶ پوائنٹس کی دوری پر ہے، جبکہ سٹی کو ایک میچ کی اضافی برتری بھی حاصل ہے۔ دوسری جانب اس شکست نے چیلسی کی چیمپئنز لیگ کے لیے کوالیفائی کرنے کی امیدوں کو شدید دھچکا پہنچایا ہے اور وہ ٹیبل پر چھٹے نمبر پر موجود ہے۔ فٹ بال شائقین کی نظریں اب اگلے ہفتے پر لگی ہیں جب مانچسٹر سٹی کا مقابلہ براہ راست آرسنل سے ہوگا۔ آرسنل کی حالیہ بورن ماؤتھ کے خلاف شکست کے بعد سٹی کے پاس سنہری موقع ہے کہ وہ اس سیزن کی چیمپئن بننے کے خواب کو حقیقت میں بدل دے۔

# اننت ناگ میں کراس کنٹری ریس کا انعقاد



اننت ناگ 13 اپریل، سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: ڈائریکٹوریٹ آف یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس نے آج ضلع اننت ناگ کے مختلف زونز میں نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت کراس کنٹری ریسوں اور بیداری پروگراموں کا کامیاب انعقاد کیا جس میں طلبہ نے بڑے جوش و خروش کے ساتھ شرکت کی۔ زون سری گفوارہ میں انڈر 14 اور انڈر 17 گرلز کیلئے کراس کنٹری ریس کا انعقاد کیا گیا جو سخراس پل سے شروع ہو کر ایم ایس ہمن پورہ پر اختتام پذیر ہوئی جبکہ زون قاضی گنڈ میں انڈر 14 اور انڈر 17 بوائز و گرلز کیلئے ریس جی ایم ایس وانپورہ کیوا سے جی ایم ایس گریگام تک منعقد کی گئی۔ زون بجبہارہ میں انٹر اسکول زونل سطح کی کراس کنٹری ریس انڈر 14 اور انڈر 17 گرلز کیلئے زیرپورہ اڈہ سے ایم ایس گڈی سیر تک منعقد ہوئی جہاں پروگرام کا آغاز انسداد منشیات حلف برداری سے کیا گیا اور کامیاب طلبہ کو انعامات سے نوازا گیا۔ کھیلوں کے ساتھ ساتھ ضلع کے مختلف زونز میں بڑے پیمانے پر بیداری پروگرام بھی منعقد کئے گئے جن میں زون اچھہ بل میں 789 طلبہ نے شرکت کی جبکہ زون اننت ناگ میں تقریباً 3560 شرکاء نے مختلف سرگرمیوں میں حصہ لیا۔ اسی طرح زون مٹن میں قریب 600 اور زون ویری ناگ میں 932 طلبہ شریک ہوئے۔ ان پروگراموں میں حلف برداری تقاریب، بیداری مہمات اور کھیلوں کی سرگرمیاں شامل تھیں جن کا مقصد نوجوانوں میں منشیات کے مضر اثرات کے بارے میں شعور اجاگر کرنا اور صحت مند طرز زندگی کو فروغ دینا تھا۔

# جموں میں آل انڈیا ٹینس بال کرکٹ چیمپئن شپ کے لیے سلیکشن ٹرائلز

سرینگر،: جموں و کشمیر ٹینس بال کرکٹ ایسوسی ایشن [JKTBCA] کی جانب سے **29** اپریل **2026** کو ایم اے اسٹیڈیم، جموں میں ایک روزہ سلیکشن ٹرائلز منعقد کیے جا رہے ہیں، جن کا مقصد آل انڈیا ٹینس بال کرکٹ چیمپئن شپ میں شرکت کے لیے جموں و کشمیر یو ٹی کی سینئر مرد و خواتین ٹیموں کا انتخاب کرنا ہے۔ یہ چیمپئن شپ **1** سے **3** مئی **2026** تک ہریدوار [اتراکھنڈ] میں منعقد ہوگی تمام دلچسپی رکھنے والے اور اہل کھلاڑیوں کو ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ **29** اپریل **2026** کو صبح **10:30** بجے مکمل کھیل کے لباس کے ساتھ ایم اے اسٹیڈیم، جموں میں حاضر ہوں اور مسٹر گلشن رتن [انچارج سلیکشن ٹرائلز، موبائل: **8899936374**] سے رپورٹ کریں۔ شرکاء کو درج ذیل دستاویزات ساتھ لانا لازمی ہیں: پاسپورٹ سائز کی چھ حالیہ، صادر ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی کسی مستند معالج کی جانب سے جاری کردہ فزیکل فٹنس سرٹیفکیٹ ٹرائلز کا آغاز صبح **10:30** بجے ٹھیک وقت پر ہوگا۔ منتخب کھلاڑیوں کی اسکریننگ اسی مقام پر **30** اپریل **2026** کو صبح **11:00** بجے جموں و کشمیر اسپورٹس کونسل کے زیر اہتمام کی جائے گی۔ جاری کردہ سیکرٹری جموں کشمیر ٹنسبال کرکٹ ایسوسی ایشن۔

# یو اے ای کے میدانوں میں پھر چھکوں کی بارش ہو گی




دبئی، ۱۳ اپریل (یو این آئی) متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کی مقبول ترین کرکٹ لیگ، انٹرنیشنل لیگ ٹی ۲۰ کے پانچویں سیزن کے شیڈول کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ رواں سال یہ ٹورنامنٹ ۲۲ نومبر سے شروع ہو کر ۲۰ دسمبر تک جاری رہے گا۔ مجموعی طور پر ۳۴ میچز کھیلے جائیں گے، جن میں ۳۰ لیگ میچز اور ۴ پلے آف مقابلے شامل ہیں۔ تمام میچز دبئی، ابوظہبی اور شارجہ کے اسٹیڈیمز میں منعقد ہوں گے، جبکہ ایونٹ کا فائنل معرکہ دبئی میں ہوگا۔ گزشتہ سیزن کی طرح اس بار بھی ۶ ٹیمیں مدمقابل ہوں گی، جن میں دفاعی چیمپئن ڈیزرٹ وائپرز، گلف جائنٹس، ایم آئی ایمریٹس، دبئی کیپٹلز، شارجہ واریئرز اور ابوظہبی نائٹ رائیڈرز شامل ہیں۔ آئی ایل ٹی ۲۰ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈیوڈ وائٹ نے چوتھے سیزن کی کامیابی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ لیگ کی مقبولیت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ سعودی عرب کرکٹ فیڈریشن اور کویت کرکٹ کے ساتھ اسٹریٹجک شراکت داری کے مثبت اثرات سامنے آ رہے ہیں اور سیزن ۵ سے قبل ان ممالک میں ڈویلپمنٹ ٹورنامنٹس کے ذریعے اس تعاون کو مزید تقویت دی جائے گی۔ قابل ذکر ہے کہ اس بار لیگ کے شیڈول کو مزید پہلے (نومبر-دسمبر) کر دیا گیا ہے۔ اس تبدیلی کا مقصد جنوری میں شروع ہونے والی دیگر عالمی لیگز، جیسے جنوبی افریقہ کی ایس اے ۲۰ کے ساتھ ممکنہ ٹکراؤ سے بچنا ہے تاکہ بڑے بین الاقوامی ستارے اس ٹورنامنٹ کے لیے دستیاب رہ سکیں۔ انتظامیہ کے مطابق، سیزن ۵ کے لیے کھلاڑیوں کی نیلامی کی تیاریاں بھی شروع کر دی گئی ہیں۔

# خاموش قدموں سے تاریخ رقم کرنے والی گول مشین



بیلو ہوریزونٹے، برازیل، 13 اپریل (یو این آئی) فٹ بال کی دنیا میں کچھ کھلاڑی اپنی چمک دمک سے پہچانے جاتے ہیں، لیکن جرمنی کے عظیم اسٹرائیکر میروسلاو کلوز ایک ایسی خاموش قوت تھے جنہوں نے شور مچائے بغیر فٹ بال کی تاریخ کے سب سے بڑے ریکارڈ اپنے نام کیے۔ 2014 کے ورلڈ کپ سیمی فائنل میں برازیل کے خلاف جرمنی کی 1-7 کی تاریخی فتح وہ لمحہ تھا جب کلوز نے لیجنڈری رونالڈو کو پیچھے چھوڑتے ہوئے ورلڈ کپ کی تاریخ میں سب سے زیادہ 16 گول کرنے کا عالمی ریکارڈ قائم کیا۔ کلوز کا سفر روایتی فٹ بال اکیڈمیوں سے شروع نہیں ہوا تھا۔ پولینڈ میں پیدا ہونے والے کلوز آٹھ سال کی عمر میں جرمنی منتقل ہوئے۔ ایک وقت تھا جب وہ کارپینٹری (بڑھئی) کی تربیت لے رہے تھے اور 21 سال کی عمر تک وہ جرمنی کے پانچویں درجے کے فٹ بال کلب میں کھیل رہے تھے۔ ان کی محنت رنگ لائی اور کائزر سلاؤٹرن کے اسکاؤٹس نے انہیں ڈھونڈ نکالا، جہاں سے ان کے پیشہ ورانہ سفر کا آغاز ہوا۔ اگرچہ کلوز نے بائرن میونخ اور لازیو جیسے بڑے کلبوں کی نمائندگی کی، لیکن فٹ بال ورلڈ کپ ہمیشہ ان کا اصل اسٹیج رہا۔ 2002 ورلڈ کپ میں سعودی عرب کے خلاف ہیٹ ٹرک سے اپنے کیریئر کا آغاز کیا اور جرمنی کو فائنل تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا۔ 2006 ورلڈ کپ میں اپنے ہوم گراؤنڈ پر 5 گول کر کے "گولڈن بوٹ" اپنے نام کیا۔ 2010 ورلڈ کپ میں 32 سال کی عمر میں بھی اپنی فارم برقرار رکھی اور انگلینڈ و ارجنٹائن جیسے بڑے حریفوں کے خلاف گول داغے۔ 2014 ورلڈ کپ نہ صرف رونالڈو کا ریکارڈ توڑا بلکہ اپنے آخری بین الاقوامی میچ میں ورلڈ کپ کی ٹرافی اٹھا کر اپنے خواب کو مکمل کیا۔ کلوز اپنی شائستگی اور فیئر پلے کے لیے مشہور تھے۔ وہ کہتے تھے، "گول کرنا مچھلی پکڑنے جیسا ہے، آپ کو صبر کرنا پڑتا ہے اور صحیح وقت پر پوری طاقت اور سکون کے ساتھ وار کرنا ہوتا ہے۔" میدان میں ان کا مخصوص 'سالٹو' (فرنٹ فلپ) جشن ہی ان کی واحد ظاہری نمائش تھی، ورنہ وہ ہمیشہ اپنی ٹیم کے لیے خاموشی سے کام کرنے کو ترجیح دیتے تھے۔ کلوز کے پاس نہ تو غیر معمولی رفتار تھی اور نہ ہی وہ ڈربلنگ کے ماہر تھے، لیکن ان کی اصل طاقت ان کی پوزیشننگ اور ہیڈر مارنے کی صلاحیت تھی۔ وہ جانتے تھے کہ صحیح وقت پر صحیح جگہ کہاں ہونا ہے۔ وہ ایک ایسے شکاری تھے جو باکس کے اندر ذرا سا موقع ملنے پر بھی گیند کو جال کی راہ دکھا دیتے تھے۔

# جے کے سی آئی پی پروجیکٹ کے تحت قمرواری سرینگر میں صفائی مہم






اننت ناگ 13 اپریل، سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: قمرواری سرینگر میں کئی مقامات پر صفائی مہم چلائی گئی۔ جس میں نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق جے کے سی آئی پی پروجیکٹ کے تحت احسن فاؤنڈیشن جموں اینڈ کشمیر نے ایگریکلچر پروڈکشن اینڈ فارمرز ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ سرینگر کے باہمی اشتراک سے ضلع سرینگر کے قمرواری بلاک میں کئی مقامات پر صفائی عمل میں لائی گئی۔ صفائی مہم کے دوران نوجوانوں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ اپنے ماحول کو صاف ستھرا رکھیں اور عام لوگوں میں اس حوالے سے بیداری پھیلائے۔ اس مہم میں احسن فاؤنڈیشن سے وابستہ رضاکاروں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ صفائی مہم کا افتتاح جے اے ای او سرکل آفیسر لاوے پورہ سرینگر فرحت نذیر نے کیا۔ اس موقع پر امتیاز احمد بلاک آفیسر ہوکر سر، محترمہ آیانا فاروق معروف سماجی کارکن اور احسن فاؤنڈیشن کے چیئرمین راہی ریاض موجود تھے۔ اس موقع پر سماجی کارکن اور احسن فاؤنڈیشن کے چیئرمین راہی ریاض نے صفائی کی اہمیت پر کھل کر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ یہ مہم لوگوں کی بیداری کیلئے شروع کی گئی ہے اور لوگوں کو چاہیے کہ اس مہم کا حصہ بنیں اور اپنے ماحول کو صاف ستھرا رکھنے میں اپنا کردار ادا کرے۔ ادھر عوامی حلقوں نے احسن فاؤنڈیشن اور ایگریکلچر پروڈکشن اینڈ فارمرز ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ سرینگر کی جانب سے شروع کی گئی صفائی مہم کی اس قدم کی سراہنا کی۔

مقامی سپورٹس کی خبریں شائع کرنے کے لئے رابطہ کریں

شہر و گام میں ہو رہے تمام لوکل سپورٹس کو فروغ اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے اخبار "**سرینگر ٹائمز**" کھیل کے تئیں دلچسپی رکھنے والوں کے لئے سپورٹس صفحہ پر ایک مخصوص کالم فراہم کر رکھا ہے۔ جس میں آپ اپنے علاقے کی کھیل کی سرگرمیاں تصویر کے ساتھ اخبار میں شائع کرنے کے لئے ہمارے ای میل ایڈریس یا پھر تحریری طور کھیل کی مکمل تفصیلات ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی کے نام دفتر **سرینگر ٹائمز** بڈشاہ چوک سرینگر ارسال کر سکتے ہیں

**نوٹ:** (۱) جس کے لئے آپ کو معاوضہ دینے کی ضرورت نہیں جو کہ ادارہ کی طرف سے وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے مفت شائع ہوتا ہے

(۲) سپورٹس ٹائمز کے صفحہ پر شائع ہونے والی مقامی خبروں کے علاوہ مقامی ٹورنامنٹس کی خبریں جو شائع ہوتی ہے یہ تمام اشتہارات ادارہ وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور نیک نیتی کے ساتھ شائع کرتا ہے ادارہ کسی غلط نتیجہ کا ذمہ دار نہیں۔ کھلاڑی ٹورنامنٹس میں حصہ لینے سے قبل اپنی طرف سے ان کو جانچ لیا کرے۔ (ادارہ)

**مکمل پتہ:** ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی
دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر۔ 190001

email: saahil.srinagartimes@gmail.com

مزید جانکاری کے لئے اس فون نمبر پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں 0194-2456781

Printed and Published by: **SAHIL YOUSUF**, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: **BASHIR AHMAD BASHIR**, Executive Editor, **S.M. YOUSUF**, Editor: **SHADAB BASHIR**, Managing Advertising: **SEEMAAB BASHIR**, Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781 E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781